Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 جمعۃ المبارک، 30 اگست 2024ء، 24 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 151

شازیہ رضوان اطلاعات، خالد رانجھا قانون، میاں شاہد ایس اینڈ جی اے ڈی کے پارلیمانی سیکرٹری مقرر

وزیراعلیٰ پنجاب نے 25 پارلیمانی سیکرٹریز کے تقرر کی منظوری دیدی

رشدہ لودھی سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر، سلطان حیدر چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے پارلیمانی سیکرٹری ہونگے' نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 14ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 25 پارلیمانی سیکرٹریز کے تقرر کی منظوری دے دی۔ اس سلسلہ میں باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اسامہ لغاری محکمہ زراعت، ملک افتخار احمد اوقاف و مذہبی امور، شعیب اویسی بورڈ آف ریونیو، منصور اعظم توانائی، شہریار ملک ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، ملک وحید محکمہ خوراک، اجمل خان ہائر ایجوکیشن، سلطان باجوہ ہاؤسنگ، (بقیہ نمبر 1)

صحافیوں کے ایکریڈیشن بارے پی سی بی کو ایس او پی بنانے کی ہدایت

جن صحافیوں کی پہلے سے سیکورٹی کلیئرنس، ایکریڈیشن تھی ان کی سیکورٹی کا اب کیا مسئلہ ہوگیا؟

معاملے کو انا کا مسئلہ نہ بنائیں، حل کریں ورنہ عدالت فیصلہ دے گی، جسٹس بابر ستار کے ریمارکس

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے صحافیوں کے ایکریڈیشن بارے پی سی بی کو ایس او پی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ جن صحافیوں کی پہلے سے سیکورٹی کلیئرنس اور ایکریڈیشن تھی ان کی سیکورٹی کا اب کیا مسئلہ ہوگیا؟، (بقیہ نمبر 2)

آئیسکو کے پاس گرین میٹرز کا سٹاک ختم

سولر سسٹم لگوانے والے شہری ڈیمانڈ نوٹس کی رقم جمع کرانے کے باوجود آئیسکو دفاتر کے چکر لگا کر تھک گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے پاس گرین میٹرز کا سٹاک ختم ہوگیا ہے، سولر سسٹم لگوانے والے شہری ڈیمانڈ نوٹس کی رقم جمع کرانے کے باوجود آئیسکو دفاتر کے چکر لگا کر تھک (بقیہ نمبر 5)

بلوچستان کی ترقی اور امن کو برباد کرنے میں بھارت پیش پیش

دہشتگرد تنظیم بی ایل اے کی جانب سے مختلف دہشتگردانہ کارروائیوں میں متعدد معصوم پاکستانیوں کو شہید کیا گیا

اسلام آباد (یو پی آئی) بلوچستان کی ترقی اور امن کو برباد کرنے میں بھارت پیش پیش ہے، حال ہی میں دہشت گرد تنظیم بی ایل اے کی جانب سے مختلف دہشت گردانہ کارروائیوں میں متعدد معصوم پاکستانیوں کو شہید کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 4)

اسلامک بینکنگ کے نام پر عوام سے فراڈ ہونے کا انکشاف

اسلامی بینکاری میں قرض لینے پر 25 سے 30 فیصد شرح سود لیا جاتا ہے، کنونشنل بینکاری 20 فیصد شرح سود چارج کرتی ہے

اسلام آباد (یو پی آئی) ملک کے ایوان بالا سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں اسلامک بینکنگ کے نام پر عوام سے فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ (بقیہ نمبر 3)

بلوچستان میں پیش آنے والے حالیہ دلخراش واقعہ پر پوری پاکستانی قوم غمزدہ ہے، شہباز شریف

دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کرینگے

دہشت گردی واقعات میں شہید جوانوں، افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے، بلوچستان کی ترقی میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں گی، ایپکس کمیٹی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (انٹرنیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اجتماعی کوششوں، آرمی چیف کی لیڈر شپ میں ملک سے دہشت گردی ختم کریں گے، دہشت گردی واقعات میں شہید جوانوں، افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے، بلوچستان کی ترقی میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں صوبائی ایپکس کمیٹی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان میں 26 اگست (بقیہ نمبر 12)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 14ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پستول صاف کرتے ہوئے باپ سے گولی چلنے سے شیر خوار بیٹی جاں بحق

کراچی (این این آئی) فیڈرل بی ایریا بانٹوا نگر گھر میں پستول صاف کرتے ہوئے باپ سے اتفاقیہ گولی چلنے سے شیر خوار بیٹی جاں بحق ہوگئی، پولیس نے ملزم باپ (بقیہ نمبر 7)

سمندری طوفان کے باعث ٹروپیکل سائیکلون الرٹ جاری

سائیکلونک طوفان کے ابتدائی طور پر مغرب اور جنوب مغربی سمت بڑھنے کا امکان ہے

کراچی (این این آئی) بھارت کے رن آف کچھ پر ڈیپ ڈپریشن اور شمال مشرقی بحیرہ عرب میں ممکنہ سمندری طوفان کے باعث محکمہ موسمیات نے ٹروپیکل سائیکلون الرٹ جاری کر دیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ڈیپ ڈپریشن (ڈی ڈی)، بہت مضبوط کم دباؤ کا (بقیہ نمبر 6)

دامن میں توشہ خانہ کی گھڑیاں چھپائے آکسفورڈ کے چانسلر کا الیکشن لڑنے چلے ہیں' عظمیٰ بخاری

9 مئی کی ناکام بغاوت کے سنگین مقدمات انڈر ٹرائل ہیں، بانی پی ٹی آئی کو آکسفورڈ یونیورسٹی کا نہیں اڈیالہ جیل کے قیدیوں کا الیکشن لڑنا چاہیے

چھوڑوں گا نہیں، این آر او نہیں دوں گا معافی دے دیں جیسے بیانیے لیڈر نہیں گیدڑوں کے ہوتے ہیں' وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو آکسفورڈ یونیورسٹی کا نہیں اڈیالہ جیل کے قیدیوں کا الیکشن لڑنا چاہیے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ جو شخص پورے پاکستان سے زیادہ مغرب کو جانتا تھا اس کو آج مغربی میڈیا ''ڈس گریس'' کا لقب دے رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کی کرپشن کی داستانیں 4 سال سے عالمی میڈیا کی زینت بن رہی ہیں، (بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف گورنمنٹ کنیئرڈ گرلز سکول میں انرولمنٹ سکیم کے افتتاح کے بعد ننھی بچی کو تحائف پیش کر رہی ہیں

وفاقی ملازمین کے بچوں کیلئے تعلیمی وظائف 2024-2025ء کا اجراء

تعلیمی وظائف 2025-2024ء کے فارمز کی سیل 20 اگست 2024ء سے شروع کی جا چکی ہے

یہ فارمز اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، چوہدری رحمت علی کمیونٹی سینٹر حاصل کیے جا سکتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف ویلفیئر آفیسر، اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے تمام وفاقی ملازمین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحکم جناب شاہد علی خان، ڈائریکٹر جنرل اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن تعلیمی وظائف 2025-2024ء کے فارمز کی سیل 20 اگست 2024ء سے شروع کی جا چکی ہے۔ لہذا یہ فارمز اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، (بقیہ نمبر 13)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن صبا ستار کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن صبا ستار نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے (بقیہ نمبر 20)

AI Powered
Smart Classroom
ADM Holding

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز گورنمنٹ کنیئرڈ گرلز سکول میں طالبات سے گفتگو کر رہی ہیں

ملازمین کے مسائل کے لیے اپنی جدوجہد ہر فورم پر جاری رکھیں گے، چوہدری محمد یٰسین

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے واٹر سپلائی پروڈکشن ڈویژن ون کے ہیلپرز، بیلدار سے بطور پمپ آپریٹر اور گن مین اور خاکروب کی سکیل چھ میں ترقی کر دی گئی۔ اسی سلسلے میں ترقی پانے والے ملازمین میں پروموشن لیٹر تقسیم کرنے کے حوالے سے تقریب سی (بقیہ نمبر 9)

عظمیٰ بخاری کی جعلی ویڈیو کیخلاف درخواست سماعت وکلاء سے 5 ستمبر کو حتمی دلائل طلب

ایف آئی اے چاہے تو کیس آدھے گھنٹے میں حل ہوسکتا ہے، بیرون ممالک کوئی میری طرف دیکھ نہیں سکتا

یہ ہراسگی کے زمرے میں آتا ہے، مگر یہاں پر کسی کی زندگی برباد کردی جاتی ہے، کیا ہمارا دین یہ کہتا ہے؟، چیف جسٹس عالیہ نیلم کے ریمارکس

لاہور (انٹرنیوز) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی مبینہ جعلی ویڈیو کیخلاف درخواست پر وکلاء سے 5 ستمبر کو حتمی دلائل طلب کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں ایف آئی اے چاہے تو کیس آدھے گھنٹے میں حل ہوسکتا ہے، بیرون ممالک کوئی میری طرف دیکھ نہیں سکتا، یہ ہراسگی کے زمرے میں آتا ہے، مگر یہاں پر کسی کی زندگی برباد کر دی جاتی ہے، کیا ہمارا دین یہ کہتا ہے؟۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں چیف جسٹس عالیہ نیلم نے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی مبینہ جعلی ویڈیو کیخلاف دائر درخواست (بقیہ نمبر 14)

express نیوز

مریدکے، وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف وفاقی وزیر رانا تنویر کے بڑے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب یونیورسٹی غیر قانونی بھرتیاں ریفرنس، سابق وائس چانسلر سمیت 9 ملزمان بری

لاہور (انٹرنیوز) احتساب عدالت نے پنجاب یونیورسٹی میں غیر قانونی بھرتیوں کے ریفرنس میں سابق وائس چانسلر سمیت 9 ملزمان کو بری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق احتساب عدالت لاہور میں پنجاب یونیورسٹی میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں بارے نیب ریفرنس پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت عدالت نے (بقیہ نمبر 15)

تھانہ مورگاہ وصدر بیرونی میں کھلی کچہری

شہریوں کی درخواستوں پر قانونی کارروائی کیلئے موقعہ پر احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے تھانہ مورگاہ اور تھانہ صدر بیرونی میں کھلی (بقیہ نمبر 21)

محکمہ بہبود آبادی کے افسران کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے ٹریننگ و ریفریشر کورس کا انعقاد

کورس سے افسران کے کام میں نکھار پیدا کر کے لیبارٹری کے اعداد و شمار، نمونوں، اور ورک فلو کو منظم کیا جائے گا

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر میں ای پروکیورمنٹ سسٹم کو دیگر حکومتی نظاموں اور ڈیٹا بیس کے ساتھ مربوط

حکومت کے ای پروکیورمنٹ پورٹل، خریداری کی سرگرمیوں کی بغیر کسی رکاوٹ کے پروسیسنگ اور نگرانی یقینی

ڈیٹا مینجمنٹ، خدمات کی فراہمی، اور تولیدی صحت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ بہبود آبادی اور یو این ایف پی اے کا مشترکہ پاپولیشن ویلفیئر افسران کی صلاحیت سازی کی تربیت کے دوروزہ ریفریشر کورس سنٹرلائزڈ لیبارٹری مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کا انعقاد ہوا۔ کورس کے اختتامی روز مہمان خصوصی (بقیہ نمبر 10)

ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان سے پاکستان میں جرمنی کی سفیر الفریڈ ملاقات کر رہے ہیں

تحفظ سینٹر راولپنڈی کا بہترین اقدام، تحفظ منزل کا آغاز

اب تک 530 بچوں کو تحفظ سینٹر میں خوراک، تعلیم اور دیگر سہولیات فراہم کی گئیں ہیں، سی پی او

راولپنڈی (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق تحفظ سینٹر راولپنڈی کا بہترین اقدام، سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر تحفظ منزل کا آغاز کر دیا گیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ تحفظ (بقیہ نمبر 16)

پاکستان عراق پارلیمانی دوستی گروپ اجلاس، باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اجلاس کی صدارت ممبر قومی اسمبلی و کنوینئر پاک عراق فرینڈشپ محترمہ سحر کامران نے کی، عراقی سفیر حامد عباس کی خصوصی شرکت

اجلاس میں دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید فروغ دینے پر زور دیا گیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کے مواقع پر گفتگو کی گئی

غیر قانونی تارکین وطن کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے بھی دونوں ممالک نے مشترکہ کوششوں پر اتفاق کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک-عراق پارلیمانی فرینڈ شپ گروپ کا اجلاس ممبر قومی اسمبلی/کنوینر پاک-عراق فرینڈ شپ محترمہ سحر کامران کی صدارت میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمہوریہ عراق کے سفیر حامد عباس نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید فروغ دینے پر زور دیا گیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کے مواقع پر گفتگو کی گئی۔ کنونیر سحر کامران نے کہا کہ یہ دوستی گروپ پاکستان اور عراق کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے اور تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے میں اہم کردار (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، اہلیہ کو بیلچے کے وار سے قتل کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم نے واقعہ کو روڈ ایکسیڈنٹ ظاہر کرنے کی کوشش کی

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس اپنی اہلیہ کو بیلچے کے وار سے قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم ندیم نے اپنی اہلیہ کو بیلچے کے وار سے قتل کیا اور واقعہ کو روڈ ایکسیڈنٹ ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 17)

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے صوبہ بھر بہبود آبادی افسران کی صلاحیت سازی تربیت کے ریفریشر کورس میں شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

فرینڈ آف پولیس پروگرام، مختلف طلباء نے پروگرام مکمل کرلیا

میرے لئے سب سے اہم اسکول کالجز تک جانا اور بہتر معاشرے کے لئے طلباء کی ذہن سازی کرنا ہے

،پولیس کے لئے عوامی رائے بدلنا انتہائی مشکل عمل ہے، چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد پولیس کے زیراہتمام فرینڈز آف پولیس پروگرام کے تحت وفاقی دارلحکومت کی مختلف یونیورسٹیز کے طلباء نے پروگرام مکمل کرلیا، ہمارے لئے آپ کی ٹریننگ مکمل کرنا ایک اہمیت کا حامل ہے ،میرے لئے سب سے اہم اسکول کالجز تک جانا اور بہتر معاشرے کے لئے طلباء کی ذہن سازی کرنا ہے، چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر (بقیہ نمبر 11)

فرینڈز آف پولیس پروگرام کے تحت ٹریننگ مکمل کرنے والے طلباء کا چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک کے ہمراہ گروپ فوٹو

راولپنڈی، موسلا دھار بارش کے بعد جامع مسجد روڈ پر پانی جمع ہے

5 منشیات فروش گرفتار، 6 کلو سے زائد منشیات برآمد

برآمد منشیات میں 1 کلو 240 گرام ہیروئن اور 5 کلو چرس شامل

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 6 کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی، برآمد منشیات میں 1 کلو 240 گرام ہیروئن اور 5 کلو چرس شامل ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

12 سالہ بچی کا گینگ ریپ، قتل، ملزم 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے سپرد

کراچی (انٹرنیوز) عدالت نے 12 سالہ بچی کے گینگ ریپ، قتل میں ملوث ملزم کو 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی، شہری سے رقم چھیننے والے 2 ملزمان گرفتار

مسروقہ رقم 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) مندرہ پولیس نے جانوروں کی خرید و فروخت کے بہانے بلا کر شہری سے رقم چھیننے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرکے مسروقہ رقم 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 25)

سانحہ کارساز حادثہ، ملزمہ کے شوہر کی 7 روزہ حفاظتی ضمانت منظور

کراچی (انٹرنیوز) سندھ ہائیکورٹ نے سانحہ کارساز حادثے کی ملزمہ نتاشہ کے شوہر دانش اقبال کی 7 روزہ حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں سانحہ کارساز حادثے کی ملزمہ نتاشہ کے شوہر دانش اقبال کی حفاظتی ضمانت (بقیہ نمبر 26)

پی ٹی آئی حکومت کا مقصد لوٹ مار کرنا ہے، فیصل کریم کنڈی

خیبر پختونخوا میں حکومتی رٹ ختم ہوچکی، فوج، پولیس پر حملے ہو رہے ہیں

لاہور (انٹرنیوز) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں حکومتی رٹ ختم ہوچکی، فوج اور پولیس پر حملے ہو رہے ہیں، وفاقی حکومت کو صوبے کے حالات پر کل جماعتی کانفرنس بلانا ہوگی، پی ٹی آئی حکومت کا مقصد لوٹ مار کرنا ہے، (بقیہ نمبر 18)

موٹروے پر کار حادثہ، سیشن جج سیالکوٹ اہلیہ سمیت زخمی، ہسپتال منتقل

راولپنڈی (انٹرنیوز) موٹروے پر کار حادثے کے نتیجے میں سیشن جج سیالکوٹ شوکت علی اہلیہ سمیت زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق موٹروے پولیس نے بتایا ہے کہ سیشن جج سیالکوٹ شوکت علی اہلیہ کے ہمراہ اسلام آباد سے لاہور جا رہے تھے کہ موٹروے (بقیہ نمبر 27)

گھر میں اے سی کمپریسر پھٹنے سے آگ بھڑک اٹھی، 4 بچے جھلس کر زخمی

دیوار بھی گر گئی، زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال پتوکی منتقل کر دیا گیا' ریسکیو حکام

پھولنگر (این این آئی) پتوکی میں گھر میں اے سی کا کمپریسر پھٹنے سے آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 4 بچے جھلس کر زخمی ہوگئے۔ افسوسناک واقعہ پتوکی کے علاقے پرانی منڈی میں پیش آیا جہاں گھر میں اے سی کا کمپریسر دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 19)

RADIO PAKISTA
PODCAS

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم ریڈیو پاکستان لاہور کے دورے کے دوران اسٹیشن ڈائریکٹر ڈاکٹر احمر سہیل کے ہمراہ

MEMBER WUOJ ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص



پی ڈبلیو ڈی کو رول ماڈل بنانے کیلئے انقلابی اقدامات

تحریر۔ ناظم الدین

"پاپولیشن ہاؤس" محکمہ کی تعمیر و ترقی میں سنگ میل

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کیلئے اہم قدم

محکمہ بہبود آبادی اور UNFPA کا افسران کی صلاحیت سازی کی تربیت کے ریفریشر کورس کا آغاز

پنجاب میں ای پروکیورمنٹ سسٹم کو دیگر حکومتی نظاموں اور ڈیٹا بیس کے ساتھ مربوط

آئی ٹی کے ذریعے سروس کی فراہمی اور کلائنٹ کی رجسٹریشن کو ڈیجیٹائز کرنے کا عمل

''محکمہ بہبود آبادی، پنجاب کی مضبوطی'' کے عنوان سے ایک جامع منصوبہ شروع

تربیت یافتہ افسران CLMIS سے واقف اور لیبارٹری کے کاموں کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے اور ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کے پابند

TRAINING on
cLMIS
COLLABOR
UNFPA
ulation W
rtment
Govern
www

محکمہ بہبود آبادی کے تعاون اور UNFPA کے زیراہتمام لاہور کے مقامی ہوٹل میں صوبہ بھر کے پاپولیشن ویلفیئر افسران کی صلاحیت سازی کی تربیت کے ریفریشر کورس CLMIS) سنٹرلائزڈ لیبارٹری مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم) کا اہتمام ہوا۔ اس کورس کا مقصد شرکاء کی تربیت اور ان کے کام میں نکھار پیدا کر کے اہم تفصیلات کا احاطہ کرنا اور لیبارٹری کے اعداد وشمار، نمونوں، اور ورک فلو کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کے لیے CLMIS استعمال کرنے میں لیبارٹری کے اہلکاروں کے علم اور مہارت کو نکھارنا اور ان میں اضافہ کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ریفریشر کورس کے ذریعے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ تمام متعلقہ تربیت یافتہ افسران CLMIS سے واقف اور لیبارٹری کے کاموں کو مؤثر طریقے سے منظم کرتے ہوئے ڈیٹا کی سالمیت اور تعمیل کو برقرار رکھ سکیں گے۔ CLMIS کا جائزہ اور لیبارٹری کے انتظام میں اس کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں۔ اس ٹریننگ میں تمام شرکت کرنے والوں کو سسٹم کا فن تعمیر اور نیویگیشن، صارف کے کردار اور ذمہ داریوں کو سمجھنا اور رسائی کے کنٹرول کو ترتیب دینا، نمونہ کا انتظام، نمونہ رجسٹریشن اور ٹریکنگ، نمونہ لیبلنگ اور بارکوڈنگ، نمونہ ذخیرہ اور بازیافت شامل ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اس ٹریننگ سے ان کو ٹیسٹ مینجمنٹ میں ٹیسٹ تخلیق اور ترتیب، ٹیسٹ آرڈرنگ اور شیڈولنگ، ٹیسٹ کے نتائج کا اندراج اور تصدیق کیلئے رپورٹنگ اور تجزیات کو سامنے رکھتے ہوئے رپورٹس جبکہ اور ڈیش بورڈ کو تیار کرسکیں گے ڈیٹا کا تجزیہ اور تشریح، کوالٹی کنٹرول اور کوالٹی اشورینس، آلے کا انضمام، لیبارٹری کے آلات کو CLMIS سے جوڑنا، خودکار ڈیٹا کی منتقلی اور تجزیہ، خرابیوں کا سراغ لگانا اور سپورٹ، عام مسائل اور حل، سسٹم کی بحالی اور اپ ڈیٹس، بہترین طرز عمل اور تعمیل، لیبارٹری کے ضوابط اور معیارات، ڈیٹا کی حفاظت اور رازداری بارے معلومات کو محفوظ بنایا جا سکے گا۔ ٹریننگ ورکشاپ میں ان تمام افسران کو تربیت کے طریقے بارے بھی آگاہی دی گئی جس سے انٹرا ایکٹو لیکچرز اور مظاہرے ، ہینڈ آن پریکٹس سیشن، کیس اسٹڈیز اور گروپ ڈسکشنز، علم کی برقراری کا اندازہ کرنے کے لیے کوئز اور تشخیص کرنا ہے۔ اس پورے عمل جس میں لیبارٹری مینیجرز اور سپروائزر، لیبارٹری تکنیکی ماہرین اور تکنیکی ماہرین، کوالٹی اشورینس اور کوالٹی کنٹرول کے اہلکار CLMIS کی دیکھ بھال کے لیے ذمہ دار IT معاون عملہ دورانیہ شامل ہے۔

آبادی کی فلاح و بہبود کی خدمات میں انقلاب لانے اور صوبہ بھر میں اس کی رسائی کو بڑھانے کے لیے ، پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے انفرمیشن ٹیکنالوجی پر مبنی اقدامات متعارف کراتے ہوئے ایک اہم سفر کا آغاز کیا ہے۔ PWD پنجاب میں ای پروکیورمنٹ سسٹم کو دیگر حکومتی نظاموں اور ڈیٹا بیس کے ساتھ مربوط کیے جانے کا امکان ہے، جس سے پنجاب حکومت کے ای پروکیورمنٹ پورٹل، خریداری کی سرگرمیوں کی بغیر کسی رکاوٹ کے پروسیسنگ اور نگرانی کو یقینی بنایا جا سکے گا۔ پنجاب کے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (PWD) میں ای پروکیورمنٹ سے مراد صوبہ پنجاب میں آبادی کی بہبود کے منصوبوں اور پروگراموں سے متعلق سامان، خدمات اور کاموں کے لیے آن لائن خریداری کا عمل ہے۔ محکمہ پاپولیشن ویلفیئر پنجاب نے ای پروکیورمنٹ کو لاگو کیا ہے جس کے ذریعے شفافیت اور احتساب کو بڑھانا، کارکردگی میں اضافہ، پروسیسنگ کے وقت میں کمی، مسابقت کو بہتر بنانا، کاغذی کارروائی اور دستی غلطیوں کو کم کرنا، ضوابط اور پالیسیوں کی تعمیل کو یقینی بنانا شامل ہے۔ پنجاب کے محکمہ بہبود آبادی میں ای پروکیورمنٹ کے ذریعے خریدی جانے والی اشیاء اور خدمات ہیں جن میں مانع حمل اور تولیدی صحت کی اشیاء، خاندانی بہبود کے مراکز کے لیے سامان اور فرنیچر، پروگرام کی منصوبہ بندی اور تشخیص کے لیے کنسلٹنٹس اور ماہرین کی خدمات، آگاہی مہم کے لیے پرنٹنگ اور پبلسٹی مواد، پروگرام کے نفاذ کے لیے گاڑیاں اور نقل وحمل کی خدمات شامل ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد ڈیٹا مینجمنٹ، خدمات کی فراہمی، اور تولیدی صحت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مجموعی طور پر تاثیر کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا ہے۔ توجہ کے اہم شعبوں میں سے ایک ڈیٹا مینجمنٹ کے عمل کی ڈیجیٹائزیشن ہے ۔ الیکٹرانک ریکارڈ رکھنے کے نظام کو اپنانے کے ذریعے ، محکمے کا مقصد ڈیٹا اکٹھا کرنے ، ذخیرہ کرنے اور تجزیہ کو ہموار کرنا ہے ۔ یہ آبادی کے اعداد وشمار، زرخیزی کی شرح، اور مانع حمل استعمال کے نمونوں کی زیادہ درست ٹریکنگ کے قابل بنائے گا، ثبوت پر مبنی فیصلہ سازی اور پالیسی کی تشکیل میں سہولیات فراہم کرے گا۔ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے تیار کردہ آئی ٹی پر مبنی مختلف اقدامات کے ذریعے پنجاب بھر میں سروس کی فراہمی اور کلائنٹ کی رجسٹریشن کو ڈیجیٹائز کرنے پر کام کر رہا ہے۔ عمل کی ڈیجیٹائزیشن میں انتظامی عمل کا آٹومیشن اور محکمہ کی نگرانی بھی شامل ہے۔ اب تک، مختلف اقدامات کامیابی سے شروع کیے گئے ہیں، اور ڈیٹا سیٹس کی ایک وسیع رینج جمع کی گئی ہے۔ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ تمام اقدامات کو یکجا کر کے ایک مرکزی ڈیٹا بیس کے قیام پر مرکوز ہے۔ پنجاب پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ میں آئی ٹی پر مبنی اقدامات کا تعارف سروس کی فراہمی کو جدید بنانے ، نتائج کو بہتر بنانے اور پورے خطے میں افراد اور خاندانوں کی فلاح و بہبود میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے اٹھایا گیا ایک قدم ہے۔

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو دیگر محکموں کیلئے رول ماڈل بنانے اور دیگر صوبوں کو اس کی مثالی تقلید کیلئے تیز رفتار انقلابی اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں محکمہ بہبود آبادی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی معاونت سے تمام فراہم کردہ خدمات کے ڈیٹا کو ڈیجیٹلائز کر کے ڈیش بورڈ کے مربوط نظام سے منسلک کیا گیا ہے تاکہ دستی نظام کو بہتر بنا کر ورک فلو میں تبدیلی لاکر مستقبل کیلئے بہتر اقدامات کا مظاہرہ کیا جا سکے۔ شفافیت، احتساب اور کارکردگی کے ساتھ یہ اقدامات صوبے میں ڈیجیٹل گورننس کے ایک نئے دور کا آغاز کریں گے ۔ حکومت پنجاب اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی سربراہی میں اس اقدام کا مقصد عمل کو ہموار کرنا، شفافیت کو بڑھا کر محکمے میں خدمات کی فراہمی میں کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ پی آئی ٹی بی کی معاونت سے تیار کردہ پروجیکٹ محکمہ بہبود آبادی کو درپیش دیرینہ چیلنجز جیسے کہ دستی عمل، جوابدہی کی کمی اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک محدود رسائی میں معاون ثابت ہو گا۔ پروجیکٹ کے اہم اجزاء میں سے ایک انٹرپرائز ریسورس پلاننگ حل کا نفاذ ہے جو پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی خاص ضروریات کے مطابق بنایا گیا ہے۔ یہ جامع نظام عمل کو خودکار بنانے، ریکارڈز کو ڈیجیٹائز کرنے ، ہیڈ کوارٹر اور فیلڈ دونوں سطحوں پر آپریشنز میں مددگار ثابت ہوگا۔ مزید یہ کہ اس منصوبے میں کئی اختراعی خصوصیات شامل ہیں جن کا مقصد عوامی مشغولیت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانا ہے ۔ ان میں ایک پبلک کنسلٹیشن سروس شامل ہے جو افراد کو ایک مخصوص موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے گمنام طور پر فیملی پلاننگ کنسلٹنٹس سے مشورہ لینے کی اجازت، اطمینان کا اندازہ لگانے اور سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے کلائنٹ فیڈ بیک میکانزم، سروس ڈیلیوری کو بڑھانے کے علاوہ، پروجیکٹ انتظامی عمل کو مضبوط بنانے پر توجہ، مالیاتی انتظام، فائل مینجمنٹ، اور حاضری کی نگرانی کو ڈیجیٹائز کرنے پر مرکوز کرے گا۔ ان تمام عمل سے محکمے کی کارکردگی، جوابدہی، اور فیصلہ سازی کو بہتر بنایا جا سکے گا۔ اس پراجیکٹ کو صوبائی ترقی کی حکمت عملی کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، جس میں انسانی سرمائے اور پائیدار ترقیاتی کے اہداف کے حصول پر زور دیا گیا ہے۔ اچھی صحت، خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی کوریج پر اثرات اور مانع حمل کی شرح میں بہتری کے ذریعے پنجاب کے لوگوں کی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کرنا ہے۔ اس منصوبے کے کامیاب نفاذ سے پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کو جدید، موثر عوامی خدمات کی فراہمی کے ماڈل میں تبدیل کرنے کے خواب کی تعبیر ممکن ہو جائے گی۔

حکومت پنجاب نے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی افادیت اور مضبوطی کو بڑھانے کے لیے "محکمہ بہبود آبادی، پنجاب کی مضبوطی " کے عنوان سے ایک جامع منصوبہ شروع کر رہا ہے ۔ جس کا مقصد عوام کی بہتر خدمت کے لیے محکمہ کے اندر موجود اہم خامیوں کو دور کرنا ہے ۔ نیا تعمیر ہونے والا " پاپولیشن ہاؤس " محکمہ کی تعمیر وترقی میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ پاپولیشن ہاؤس کی تعمیر آخری مراحل میں ہے ۔ اس منصوبہ کے تحت پی ڈبلیو ڈی سیکرٹریٹ کو درپیش مختلف چیلنجز جن میں ضروری سہولیات کی کمی اور پرانا انفراسٹرکچر آپریشنل کارکردگی میں پائی جانے والی رکاوٹ کو فوری طور پر دور کر کے جدید بنیادوں پر ڈھال کر آبادی کی پالیسیوں کی تشکیل او نفاذ میں محکمہ کے اہم کردار کو اجاگر کیا جائے گا۔ اس کے اہم مقاصد میں ملازمین کی کارکردگی میں اضافہ کیلئے مانیٹرنگ، سہولیات کی فراہمی، نگرانی اور تشخیص کے لیے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا قیام شامل ہے ۔ اہلکاروں کی بھرتی، نگرانی اور تشخیص کے نظام کو مضبوط بنانا، فرنیچر، مشینری اور ہارڈ ویئر سمیت ضروری سامان کی خریداری، آئی ٹی وسائل کو مؤثر طریقے سے استعمال کرنے کے لیے عملے کی تربیت، فیلڈ آپریشنز کی سہولت کے لیے مانیٹرنگ گاڑیوں کی فراہمی شامل ہے۔ آج کے دور میں میڈیا کو عوام میں چھوٹے خاندان کی اہمیت وافادیت بارے آگاہی وقت کی ضرورت بن گیا ہے۔ بہت جلد پھیلتی آبادی کو کنٹرول کے لئے مایہ ناز جرنلسٹ، محقق اور دانشوروں کی بہبود آبادی میں وقت کی مناسبت سے ان کی رائے اور تجاویز کو تیار کرنے کے لئے تھنک ٹینک کے تصور کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ نوجوان طلباء اور نو بیاہتا جوڑوں کو چھوٹے خاندان کے فوائد بارے مختلف طریقوں سے آگاہی دی جائے۔ عالمی سطح پر خاندانی منصوبہ بندی کے جدید طریقوں کے ذریعے مردوں اور خواتین میں خاندانی منصوبہ بندی اپنانے کی یکساں شرح کو ممکن بنانے کیلئے امید افزاء اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں۔ سماجی وثقافتی رکاوٹوں کا خاتمہ یقینی بنانے کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق پروگراموں میں مردوں کی شمولیت نا گزیر ہے۔ اس سلسلے میں مردوں اور عورتوں تک کمیونٹی ورکرز اور ٹیلی ہیلتھ کے ذریعے معلوماتی چینلز کے فروغ سے ان تک رسائی کے حصول کو ممکن بنا کر انہیں ایک نیٹ ورک کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی فراہمی کو مؤثر بنا دیا گیا ہے۔ معاشرتی تقاضے بڑی تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں۔ آبادی کا رجحان اور رویے آبادی میں تیزی کے تناسب کی مثل تیز رفتاری کا شکار ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ وقت اور ضرورت کے مطابق رویئوں میں مثبت تبدیلیوں کے لیے مل کر کوشش کی جائے ۔ پنجاب گروتھ اسٹریٹجی میں انحصار کے تناسب میں کمی کا تصور کیا گیا ہے جو روزگار کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور بااختیار بنانے کے لیے اہم ہے۔ لاجسٹک مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے مسلسل اور بلاتعطل سپلائی چین مینجمنٹ کو یقینی بنایا گیا ہے۔ گاؤں کی سطح پر کمیونٹی بیسڈ ورکرز کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی معلومات تک رسائی کے ذریعے ایسے جوڑوں کے پاس جا رہی ہے جن میں مانع حمل کی ضرورت نہیں ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی سے متعلقہ تمام سہولیات کی فراہمی کے بہتر طریقہ کار کو یقینی بنایا گیا ہے۔ صحت مند وقت اور حمل کے وقفہ پر توجہ مرکوز کرنے والی مواصلاتی حکمت عملی اور طرز عمل میں تبدیلی مواصلات حکومت کا ایک اقدام ہے ۔ محکمہ بہبود آبادی پنجاب صوبہ بھر میں چھوٹے خاندان کی اہمیت افادیت کو فوکس کئے ہوئے ہے جس کی کامیابی کے بہترین نتائج حاصل ہو رہے ہیں۔ لوگوں میں شعور و آگاہی کہ عالمی سطح پر خاندانی منصوبہ بندی کے جدید طریقوں کے ذریعے مردوں اور خواتین میں خاندانی منصوبہ بندی اپنانے کی یکساں شرح کو ممکن بنانے کیلئے امید افزاء اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں۔ سماجی وثقافتی رکاوٹوں کا خاتمہ یقینی بنانے کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق پروگراموں میں مردوں کی شمولیت نا گزیر ہے۔ مردوں اور عورتوں تک کمیونٹی ورکرز اور ٹیلی ہیلتھ کے ذریعے معلوماتی چینلز کے فروغ سے ان تک رسائی کے حصول کو ممکن بنا کر انہیں ایک نیٹ ورک کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی فراہمی کو مؤثر بنا دیا گیا ہے۔ جس میں پہلی مرتبہ مرد معالج، حکیم، ہومیوپیتھس اور فارمیسیز کی شمولیت کو یقینی بنا دیا گیا ہے ۔ بچوں کی پیدائش میں وقفہ کے طریقہ کار کی بدولت پنجاب کے 28 اضلاع میں مقررہ اہداف کے حصول کو ممکن بنا دیا گیا ہے ۔ خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق شوہر حضرات کی معلومات اور شعور خواتین کے مانع حمل ادویات کے استعمال پر براہ راست اور نمایاں اثرات مرتب کرتا ہے۔ شعوری طور پر باہمی مشورہ سے خاندانی منصوبہ بندی کے جدید طریقہ جات اپنانے ، معیاری معلومات اور خدمات تک رسائی کے لیے لاہور، رحیم یار خان، مظفر گڑھ، ملتان، بہاولپور، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور راولپنڈی اضلاع میں سہولیات تیزی سے فراہم کی جارہی ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
30 اور 31 اگست 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی مورخہ 30 اگست 2024، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، کٹاریاں، ہولی فیملی، بنی، ایف بلاک، مزمل ٹاؤن، حیدری چوک، چاکرہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، جاپان روڈ، شاہ پور، ڈھوک نور فیڈرز، اٹک سرکل، گڑھی افغانہ، پنڈ پران، ویلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال فیڈرز، مورخہ 31 اگست 2024، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، I-10/1، I-10/2، نیو ایکسچینج فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، کمرشل سینٹر، ایس ایم دین، عیسٹ روڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، ڈاکٹر ٹاؤن، مورگاہ، پارک ویو، فوجی فونڈیشن، محبوب شہید، موہرہ نگیال، ولایت کمپلکس، ایکس لائز، اے او ڈبلیو ایچ ایس، قریشی آباد، گرجا۔I، رنیال، زیٹا۔I، ہمایوں۔I فیڈرز، جہلم سرکل، کنٹریلہ، گلیانہ، کرنل محمد اکرم فیڈرز، چکوال سرکل، ڈھوڈا فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

سونیا عاشق انسانی حقوق ومذہبی امور، حسن عسکری شیخ صنعت، تجارت وسرمایہ کاری، شازیہ رضوان اطلاعات وثقافت، صاحبزادہ غزین عباسی محنت و افرادی قوت، خالد رانجھا قانون و پارلیمانی امور، خرم ورک لوکل گورنمنٹ کمیونٹی ڈویلپمنٹ، محمد زبیر معدنیات، رانا طارق منصوبہ بندی وترقی، ضیا اللہ شاہ پنجاب ایمرجنسی سروسز، نوشین عدنان سکولز ایجوکیشن، میاں شاہد حسین سروسز اینڈ جنرل ایڈ منسٹریشن، ارشد جاوید وڑائچ سوشل ویلفیئر بیت المال، رشدہ لودھی سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن، تیمور علی لالی ٹرانسپورٹ، انس محمود کھیل و امور نوجوانان، سلمیٰ سعدیہ تیمور ترقی خواتین اور سلطان حیدر علی چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے پارلیمانی سیکرٹری ہوں گے۔

بقیہ 2

معاملے کو انا کا مسئلہ نہ بنائیں، حل کریں ورنہ عدالت فیصلہ دے گی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس بابر ستار نے سپورٹس جرنلسٹس کی میچ کوریج کی اجازت نہ دینے بارے دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں کی جانب سے عبدالواحد قریشی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے، عدالتی نوٹس پر پی سی بی نے تحریری جواب عدالت میں جمع کرایا، پی سی بی وکلاء تفضل حسین رضوی اور سلمان نصیر نے عدالت کو بریف کیا۔ جسٹس بابر ستار نے استفسار کیا کہ جرنلسٹس کی ایکریڈیشن کا پراسیس دکھائیں کہ آپ نے کیا پراسیس کیا ہے؟۔ وکیل پی سی بی نے بتایا کہ پی سی بی نے راولپنڈی ٹیسٹ کیلئے 118 میڈیا پرسنز کو ایکریڈیشن دی لیکن پٹیشنرز سمیت 70 دیگر صحافیوں کو ایکریڈیشن نہیں دی گئی، راولپنڈی سٹیڈیم کے میڈیا باکس میں اتنے ہی جرنلسٹس کی گنجائش ہے۔ جسٹس بابر ستار نے پوچھا کہ یہ کس نے طے کیا کہ کن 118 جرنلسٹس کو ایکریڈیشن دی جائے گی، اگر کوئی پی سی بی پر تنقید کرے تو آپ ایکریڈیشن نہیں دیں گے؟۔ وکیل پی سی بی تفضل حسین رضوی نے بتایا کہ ایکریڈیشن جاری نہ کرنے کا پی سی بی پر تنقید سے کوئی تعلق نہیں، جن لوگوں کو ایکریڈیشن نہیں دی گئی اس میں سکیورٹی کلیئرنس کا ایک ایشو بھی ہے۔ جسٹس بابر ستار نے سوال کیا کہ جن جرنلسٹس کی پہلے سے سکیورٹی کلیئرنس اور ایکریڈیشن تھی ان کی سکیورٹی کا اب کیا مسئلہ ہوگیا؟۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ معاملے کو انا کا مسئلہ نہ بنائیں اسے حل کریں ورنہ عدالت فیصلہ دے گی۔ وکیل تفضل حسین رضوی نے عدالت کو یقین دہانی کرائی پی سی بی اس مسئلے کا حل نکالے گا۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ میچ کل سے ہے، اس کیلئے عدالت پٹیشنرز کو کوریج کی اجازت دے۔ عدالت نے کہا کہ یہ تو آپ حتمی ریلیف مانگ رہے ہیں، ابھی ایک سیریز ختم ہوئی ہے، باقی تو ہوں گی، ہم اس درخواست کو نمٹا نہیں رہے بلکہ آئندہ ہفتے کیلئے ملتوی کر رہے ہیں۔ عدالت نے پی سی بی حکام کو ہدایت کی کہ ایکریڈیشن بارے باقاعدہ ایس او پی بنائیں اور عدالت کو پراسیس سے آگاہ کریں۔ بعدازاں درخواست پر سماعت 10 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 3

کا اجلاس ہوا جس میں ڈیپازٹ پروٹیکشن ترمیمی ایکٹ کا جائزہ لیا گیا، اس کے بعد قائمہ کمیٹی نے ڈیپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ترمیمی بل 2024 منظور کرلیا۔ منظور کردہ بل کے تحت بینکوں میں اکاؤنٹ ہولڈرز کی فی اکاؤنٹ 5 لاکھ روپے تک کی رقم کو قانونی تحفظ حاصل ہوگا اور ڈکیتی، غبن، فراڈ یا کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بینک صارفین کو 5 لاکھ روپے ادا کرنے کے پابند کرنے ہوں گے۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عنایت حسین نے کمیٹی کو بل پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ترمیمی بل کے تحت بینکوں میں پانچ لاکھ روپے تک رقم کو قانونی تحفظ حاصل ہوگا، اس سے پہلے ڈھائی لاکھ روپے تک کے ڈیپازٹس کو تحفظ حاصل تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس بل میں مائیکروفنانس بینک شامل نہیں ہیں، مائیکروفنانس بینکوں کو بھی مستقبل میں بل میں شامل کرنے کا ارادہ ہے، فی الحال ان کے لیے الگ سے تحفظ کا نظام موجود ہے۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ بورڈ کو اختیار حاصل ہوگا کہ مائیکروفنانس بینکوں کو شامل کیا جائے یا نہیں، پہلے عالمی مالیاتی ادارے ڈیپازٹرز کے تحفظ کے حق میں نہیں تھا، عالمی مالیاتی فنڈ) آئی ایم ایف (نے اب ہمیں کہا ہے کہ ڈیپازٹرز کو تحفظ دیا جائے۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ 50 سال ہوگئے، ہم نے ابھی تک یہ کام نہیں کیا، یہ ساری چیزیں آئی ایم ایف ہی کیوں ہمیں بتاتا ہے؟ ڈپٹی گورنر نے جواب دیا کہ ڈاکٹر عشرت حسین کے دور میں یہ کام کرنا چاہتے تھے اس وقت عالمی اداروں نے مخالفت کی تھی، اسٹیٹ بینک کے بورڈ ممبران ایک میٹنگ کی 75 ہزار روپے فیس لیتے ہیں، دیگر بینکوں کی 50 ہزار روپے سے زیادہ فیس ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کے اجلاس میں اسلامک بینکنگ کے نام پر عوام سے فراڈ کا انکشاف ہوا، چیئرمین کمیٹی سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ اسلامی بینکاری میں قرض لینے پر 25 سے 30 فیصد شرح سود لیا جاتا ہے، کنونشنل بینکاری 20 فیصد شرح سود چارج کرتی ہے، عوام کے ساتھ اسلامی بینکاری کے نام پر فراڈ ہو رہا ہے، لوگ اسلام سے محبت کی وجہ سے نہیں بلکہ مالی مفاد کے لیے جاتے ہیں، میرے پاس کئی کیسز آئے ہیں جن میں اسلامی بینکاری میں شرح سود زیادہ ہونے کی شکایت آئی ہے۔ کمیٹی نے اسٹیٹ بینک سے اسلامی بینکاری پر بریفنگ طلب کرلی، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کے مطابق بینکنگ کے شعبے میں روایتی بینکوں کا حصہ 75 اور اسلامی بینکاری کا 25 فیصد ہے۔

بقیہ 4

پاکستان بالخصوص بلوچستان کا امن اور ترقی ازلی دشمن بھارت کو ہمیشہ سے کھٹکتا رہا ہے جس کی واضح مثال سی پیک کے منصوبے کو سبوتاژ کرنا ہے۔ بھارتی خفیہ ایجنسی را کے ایجنٹ کلبھوشن یادیو کا بلوچستان سے گرفتار ہونا بھارتی مداخلت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بھارتی مشیر دفاع اجیت دوول نے بھی سرعام دھمکی دیتے ہوئے بلوچستان کو توڑنے کی بات کی تھی۔ پاکستان میں دہشتگردی میں بھارتی پشت پناہی کی ایک اور واضح مثال حال ہی میں بلوچستان میں ہونے والے حملوں پر ان کی جانب سے میڈیا پر جشن منانا بھی ہے۔ بلوچستان میں دلخراش حملوں جہاں دہشت گردوں نے پنجاب سے روزگار کمانے کیلئے آنے والے مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا، وہاں بھارتی میڈیا کی جانب سے ان دہشت گردوں کو ہیرو بنانے کی کوشش کی گئی۔ دہشت گرد تنظیم بی ایل اے کے معصوم پنجابی مزدوروں کو قتل کرنے کا واحد مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور توجہ حاصل کرنا تھا۔ بھارتی میڈیا نے پاکستان کے سکیورٹی حالات کو ابتر دکھاتے ہوئے بلوچ باغیوں کو آزادی کا پروانہ ثابت کرنے کی کوشش بھی کی۔ دسمبر 2023 میں بی ایل اے کے کمانڈر نے ہتھیار ڈالتے ہوئے اعتراف کیا تھا کہ بھارت بلوچستان میں دہشت گرد تنظیموں کی پشت پناہی کرتے ہوئے مالی معاونت اور محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرتا ہے۔ پاکستان کے سی پیک منصوبے اور پاک چین تعلقات کو سبوتاژ کرنے کیلئے بھارتی خفیہ ایجنسی را نے خصوصی سیل قائم کر رکھا ہے۔ 2019 میں دی ہندو کے آرٹیکل کے مطابق بی ایل اے کے کمانڈرز بھارتی اسپتالوں میں زیر علاج رہ چکے ہیں اور ان کمانڈرز کے بھارتی سیاستدانوں کے ساتھ بھی گہرے روابط قائم ہیں۔ بھارتی میڈیا نے دہشتگرد کی بیٹی اور بہن ماہ رنگ بلوچ کو ہیرو قرار دیا جو نام نہاد لاپتہ افراد کا جھوٹا بیانیہ پھیلا رہی ہے۔ ماہ رنگ بلوچ معصوم بلوچ عوام کو بغاوت اور سرکشی پر اکساتی اور اس کے عوض بھارت سے بھاری معاوضہ حاصل کرتی ہے جبکہ حالیہ اندوہناک واقعے میں محض تشہیر کی خاطر خاتون خودکش بمبار ماہل بلوچ کا خصوصی استعمال کیا گیا۔ بی ایل اے اور بھارت کے گٹھ جوڑ میں ماہ رنگ بلوچ، ماہل بلوچ، سمیعہ بلوچ، شاری بلوچ اور سمی دین بلوچ جیسی خواتین کا استعمال محض سنسنی پھیلانے کے طور پر کیا جاتا ہے جو بھارتی ایجنسی کے لیے مہرے کے طور پر استعمال ہوتی رہی۔ بلوچ لبریشن آرمی اور بلوچ یکجہتی کمیٹی جیسی ملک دشمن دہشتگرد تنظیموں کا استعمال کرتے ہوئے بھارت پاکستان کی جڑیں کمزور کرنے کی ناکام کوششوں میں مسلسل مصروف ہے۔ پاکستان کی سکیورٹی فورسز جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے ملک کی حفاظت کو یقینی بنا رہے ہیں۔

بقیہ 5

گئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی، اسلام آباد سمیت ڈویژن بھر کو بجلی کی تقسیم کار کمپنی آئیسکو کے پاس گرین میٹرز کا سٹاک ختم ہوگیا ہے۔ صارفین کو بتایا جارہا ہے کہ نئی خریداری ہونے تک گرین میٹرز کی تنصیب ممکن نہیں ہوگی۔ متعدد شہریوں نے میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ وہ آئیسکو کی طرف سے جاری کردہ ڈیمانڈ نوٹس کے مطابق گرین میٹرز کی رقم جمع کرا چکے ہیں مگر بار بار آئیسکو دفاتر کے چکر لگانے کے باوجود میٹر جاری نہیں کیئے جا رہے ہے۔ ایک شہری جاوید نے الزام عائد کیا کہ عملے نے میٹر جان بوجھ کر غائب کردیئے ہیں اور تنصیب کیلئے بھاری رقوم طلب کی جارہی ہیں۔ ''این این آئی'' کے رابطہ کرنے پر آئیسکو کے ایک اہلکار نے بتایا کہ پورے ریجن میں گرین میٹرز کا سٹاک واقعی ختم ہو چکا ہے اور نئی خریداری تک ان میٹرز کی تنصیب ممکن نہیں ہے۔ واضح رہے کہ گرمی شدت اور بڑھتے ہوئے بجلی کے بلوں سے پریشان شہریوں کی بڑی تعداد نے حالیہ عرصہ میں سولر سسٹم پر منتقل ہونے کا فیصلہ کیا ہے اور جڑواں شہروں سمیت پورے آئیسکو ریجن میں بہت بڑی تعداد میں سولر سسٹم نصب ہو رہے ہیں جس کی وجہ گرین میٹرز کی طلب میں بھی غیر معمولی اضافہ ہوگیا ہے۔

بقیہ 6

علاقہ) رن آف کچھ، ہندوستان کے اوپر پچھلے 12 گھنٹوں کے دوران بہت آہستہ آہستہ مغرب اور جنوب مغرب میں منتقل ہوا، اب یہ کراچی کے جنوب مشرق میں تقریبا 270 کلومیٹر کی دوری پر موجود ہے۔ امکان ہے کہ یہ نظام مغرب اور جنوب مغرب کی طرف بڑھے گا اور سندھ کے ساحل کے ساتھ شمال مشرقی بحیرہ عرب میں پہنچے گا۔ سازگار ماحولیاتی حالات، سمندر کی سطح کا درجہ حرارت اور بالائی سطح کے ڈائیورژن کی وجہ سے، یہ نظام کل تک مزید شدت اختیار کر کے ایک سمندری طوفان میں تبدیل ہونے کا امکان ہے۔ سائیکلونک طوفان کے ابتدائی طور پر مغرب اور جنوب مغربی سمت بڑھنے کا امکان ہے جس کے زیر اثر کراچی ڈویژن، تھرپارکر، بدین، ٹھٹھہ، سجاول، حیدر آباد، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈوالہ یار، مٹیاری، عمرکوٹ، میرپور خاص، سانگھڑ، جامشورو، دادو میں 31 اگست تک آندھی گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارشوں کا امکان ہے۔ تقریبا 50 سے 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے والی ہواؤں کے ساتھ سمندر ناہموار اور بہت ناہموار رہنے کا امکان ہے۔ ماہی گیروں کو 31 اگست تک سمندر میں نہ جانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات سائیکلون وارننگ سینٹر اور کراچی سسٹم کی نگرانی کر رہا ہے، متعلقہ حکام سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ محکمہ موسمیات کی ایڈوائزری کے ذریعے باخبر رہیں۔ بحیرہ عرب میں طوفان بننے کے بعد اسے اسنا کا نام دیا جائے گا جو پاکستان کا تجویز کردہ ہے، اسنا کے معنی بلند تر کے ہیں۔

بقیہ 7

کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کی صبح عزیز آباد تھانے کے علاقے فیڈرل بی ایریا بلاک 3 بانٹوا نگر کاشف ملک شاپ کے قریب گھر میں فائرنگ سے شیر خوار بچی جاں بحق ہوگئی جس کی لاش قانونی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔ مقتولہ بچی کی شناخت 11 ماہ کی عنایت دختر بلال کے نام سے کی گئی، ایس ایچ او عزیز آباد عمران آفریدی کے مطابق مقتولہ بچی کا والد بلال گھر میں اپنی لائسنس یافتہ نائن ایم ایم پستول صاف کر رہا تھا کہ باپ سے اتفاقیہ گولی چل گئی جس کے نتیجے میں اس کی اپنی 11 ماہ کی بیٹی عنایت سر پر گولی لگنے سے جاں بحق ہوگئی۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقتولہ بچی کے باپ بلال کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرلیا، پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد مقتولہ بچی کی لاش ورثا کے حوالے کردی۔

بقیہ 8

ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل نے مسلسل دو مرتبہ عمران دور میں کرپشن انڈکس اوپر جانے کی نشاندہی کی، دونوں میاں بیوی نے 45 ماہ وزیراعظم اور خاتون اول کے عہدوں کو OLX پر چڑھائے رکھا، دامن میں توشہ خانہ کی گھڑیاں اور 90 ملین پاؤنڈ چھپائے اسکفورڈ کے چانسلر کا الیکشن لڑنے چلے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ 9 مئی کی ناکام بغاوت کے سنگین مقدمات انڈر ٹرائل ہیں، بانی پی ٹی آئی کو اکسفورڈ یونیورسٹی کا نہیں اڈیالہ جیل کے قیدیوں کا الیکشن لڑنا چاہیے، کرپٹ پریکٹسز اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ جیسے مقدمات میں سزایافتہ شخص کا اکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا الیکشن لڑنا ویسے ہی باعث ندامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چھوڑوں گا نہیں، این آر او نہیں دوں گا معافی دے دیں جیسے بیانیے لیڈر نہیں گیدڑوں کے ہوتے ہیں، ہر ہفتے نئے بیانیے بنانے والا لیڈر نہیں بہروپیہ اور فراڈیہ ہوتا ہے۔

بقیہ 9

ڈی اے مزدور یونین کے مرکزی آفس میں منعقد ہوئی، تقریب میں نئے پروموٹ ہونے والے ملازمین نے سی ڈی اے مزدور یونین کے قائدین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین ہی حقیقی تنظیم ہے جو ملازمین کی بلاتفریق خدمت کر رہی ہے اور یقینا ایسے فیصلوں سے ملازمین کے تمام مسائل حل ہونگے اور انکے گھر میں خوشحالی آئے گی، ہم تمام ملازمین کی پروموشن کروانے پر قائدین کا شکریہ ادا کرتے ہیں، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، چیئرمین راجہ شاکر زمان کیانی ودیگر عہدیداران نے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین نے ہمیشہ مزدور کاز کے لیے جدوجہد کی اور اپنے عمل سے ثابت کیا کہ مزدور یونین ہی مزدوروں کی نمائندہ تنظیم ہے جو ہر محاذ پر ملازمین کے حقوق کا تحفظ کرنا جانتی ہے، ہم نے ریفرنڈم میں جو وعدے کیے تھے آج الحمدللہ اسکی تکمیل کر رہے ہیں اور ہم سات ہزار سے زائد فیلڈ سٹاف کی پروموشن کروا چکے ہیں جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی، ہم نے ان مشکل ترین حالات میں ملازمین کو 20 فی صد مہنگائی الاؤنس دلوایا اور تمام الاؤنسز میں 50 سے 100 فی صد اضافہ کروایا جبکہ نام نہاد لیڈروں نے اپنی دیہاڑی لگانے کے علاوہ مزدوروں کے لیے کچھ نہیں کیا اور پلاٹوں کے نام پر ملازمین کو بیوقوف بناتے رہے، سی ڈی اے مزدور یونین ریفرنڈم کے لیے ہروقت تیار ہے او رانشاءاللہ ملازمین کے مسائل کے لیے اپنی جدوجہد ہرفورم پر جاری رکھے گی، تقریب کے اختتام پر قائد مزدور چوہدری محمد یٰسین نے تمام پروموٹ ہونے والے ملازمین میں ترقی کے لیٹرز تقسیم کیے۔

بقیہ 10

ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورس سے افسران کی تربیت اور ان کے کام میں نکھار پیدا کر کے لیبارٹری کے اعدادوشمار، نمونوں، اور ورک فلو کو مؤثر طریقے سے منظم کیا جائے گا۔ جس سے CLMIS استعمال کرنے میں لیبارٹری کے اہلکاروں کے علم اور مہارت کو نکھار کر ان کی صلاحیتوں میں اضافہ ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ اس ٹریننگ میں تمام شرکت کرنے والوں کو سسٹم، صارف کے کردار اور بارے معلومات اور ذمہ داریوں کو سمجھنا اور کنٹرول کو ترتیب دینا، نمونہ کا انتظام، نمونہ رجسٹریشن اور ٹریکنگ، نمونہ لیبلنگ اور بارکوڈنگ، نمونہ ذخیرہ اور بازیافت شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں ای پروکیورمنٹ سسٹم کو دیگر حکومتی نظاموں اور ڈیٹا بیس کے ساتھ مربوط کر دیا گیا ہے جس سے پنجاب حکومت کے ای پروکیورمنٹ پورٹل، خریداری کی سرگرمیوں کی بغیر کسی رکاوٹ کے پروسیسنگ اور نگرانی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ پنجاب کے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (PWD) میں ای پروکیورمنٹ سے مراد صوبہ پنجاب میں آبادی کی بہبود کے منصوبوں اور پروگراموں سے متعلق سامان، خدمات اور کاموں کے لیے آن لائن خریداری کا عمل ہے۔ جس کے ذریعے شفافیت اور احتساب کو بڑھانا، کارکردگی میں اضافہ، پروسیسنگ کے وقت میں کمی، مسابقت کو بہتر بنانا، کاغذی کارروائی اور دستی غلطیوں کو کم کرنا، ضوابط اور پالیسیوں کی تعمیل کو یقینی بنانا شامل ہے۔ پنجاب کے محکمہ بہبود آبادی میں ای پروکیورمنٹ کے ذریعے خریدی جانے والی اشیاء اور خدمات ہیں جن میں مانع حمل اور تولیدی صحت کی اشیاء، خاندانی بہبود کے مراکز کے لیے سامان اور فرنیچر، پروگرام کی منصوبہ بندی اور تشخیص کے لیے کنسلٹنسی اور ماہرین کی خدمات، آگاہی مہم کے لیے پرنٹنگ اور پبلسٹی مواد، پروگرام کے نفاذ کے لیے گاڑیاں اور نقل وحمل کی خدمات شامل ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد ڈیٹا مینجمنٹ، خدمات کی فراہمی، اور تولیدی صحت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مجموعی طور پر تاثیر کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا ہے۔

بقیہ 11

رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کیلئے خصوصی فرینڈ آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کر رکھا ہے اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس کی جانب سے جاری پروگرام شہید ذوالفقار علی بھٹو یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (SZABIST)، اقرا یونیورسٹی اور کیپیٹل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلبائے مکمل کرلیا، اس سلسلے میں ٹریفک پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز فیض آباد میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر یونیورسٹیز کے طلبا اور اسلام آباد پولیس ایجوکیشن ٹیم کے ممبران شامل تھے، چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک نے کہا کہ ہمارے لئے آپ کی ٹریننگ مکمل کرنا ایک اہمیت کا حامل ہے، میرے لئے سب سے اہم اسکول کالجز تک جانا اور بہتر معاشرے کے لئے طلبا کی ذہن سازی کرنا ہے، پولیس کے لیے عوامی رائے بدلنا انتہائی مشکل عمل ہے، ہم اپنے پراسیس اور سروسز عوام کے سامنے رکھ رہے ہیں تاکہ عوام کو پتہ چلے پولیس کیا ہے، میں بلند و بالا دعوں پر یقین نہیں رکھتا بلکہ عملی طور پر 7/24 کام کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی خدمت کرنے والے اللہ کی طرف سے منتخب ہوتے ہیں، مشکل وقت میں سب سے پہلا ردعمل دینے والا محکمہ پولیس ہے، بدلتے دور کے ساتھ پولیس کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں، اسلام آباد پولیس 63 شہداکے خون کی وارث ہے، وردی کسی بھی رنگ کی ہو ہمارا عہد ایک ہی ہے، ہم نے آپ سے وہ تعلق بنایا ہے جو دائمی ہے، پولیس کلچر مثبت عناصر پر مشتمل ہے اس سے منفی عنصر کو ختم کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ والنٹیر ان پولیس اور فرینڈز آف پولیس کا کردار ایک ہی ہے جس میں جرائم کی بیخ کنی میں عوامی اطلاع سب سے اہم ہے، آئیں ہمارا حصہ بنیں اور مل کر عوامی خدمت کریں، تقریب کے اختتام پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس مستقبل میں بھی اس طرح کے پروگرام کا انعقاد جاری رکھے گی۔

بقیہ 12

کو انتہائی دلخراش واقعہ ہوا، دہشتگردی کے واقعات میں معصوم جانوں کے ضیاع پر سب غمزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا خوبصورت صوبہ ہے، انفرادی قوت اور مصمم ارادے کیساتھ صوبے میں دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کرنا ہوگا، بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ خارجیوں اور دہشتگردوں نے مل کر بلوچستان میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا، بدقسمتی سے دہشت گردی نے 2018ء کے بعد دوبارہ سر اٹھایا ہے جسے پوری قوت سے کچلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف کی لیڈرشپ میں دہشت گردی کو ختم کریں گے، پاکستان جلد دوبارہ اپنا مقام حاصل کرے گا اور ہم ترقی کی راہ پر رواں دواں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اقعات میں شہید ہونیوالے پاک فوج کے جوانوں اور افسروں کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا، اجتماعی کاوش کے ساتھ دہشت گردی کا خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 13

چوہدری رحمت علی کمیونٹی سینٹر، جی سیون سے دفتر اوقات کار میں حاصل لیئے جا سکتے ہیں۔ مزید برآں یہ فارمز اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، بی بلاک کیفے ٹیریا، کوہسار بلاک اور اے جی پی آر (AGPR) آفس سے بھی 31 اکتوبر 2024ء تک حاصل کیئے جا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیئے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

051-9253000

بقیہ 14

پر سماعت کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ایف آئی اے وکیل سے استفسار کیا کہ معلوم ہوا کس آئی پی ایڈریس سے یہ ویڈیو شیئر ہوئیں؟ جس پر ایف آئی اے وکیل نے بتایا کہ ہم نے مختلف کمپنیوں کو اس بارے لکھا اور ویڈیو شیئر کرنے میں ملوث 33 اکاؤنٹس کی نشاندہی کی ہے تاہم فیس بک اور واٹس ایپ نے خطوط کا کوئی جواب نہیں دیا جبکہ ایکس نے سفارتخانے کے ذریعے بات کرنے کیلئے کہا ہے، جس پر ہم نے امریکی سفارتخانے میں ایف بی آئی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے 2021ء کے رولز ہیں کہ ان کمپنیوں کو یہاں دفاتر بنانے تھے مگر انہوں نے پاکستان میں دفاتر نہیں کھولے۔ وکیل عظمی بخاری نے کہا کہ ان اکاؤنٹس میں ملوث پاکستان میں موجود لوگوں کے خلاف کیا کارروائی ہوئی؟ ان میں نے محض ایک شخص کو گرفتار کیا گیا ہے، ویڈیو شیئر کرنے والے اس شخص کی بھی کل ضمانت لگی ہوئی ہے، عدالت نے پوچھا تھا کہ سوشل میڈیا کے حوالے سے کیا قوانین موجود ہیں؟۔ وکیل وفاقی حکومت نے کیس کی بابت کارکردگی رپورٹ جمع کروائی۔ وکیل عظمی بخاری نے کہا کہ ایف آئی اے کو یہ بھی نہیں پتہ کہ ویڈیو سب سے پہلے کہاں سے اپلوڈ ہوئی، ایک ہفتہ قبل میں نے ایف آئی اے کو بتایا کہ ویڈیو سب سے پہلے فیس بک پر اپ لوڈ ہوئی۔ چیف جسٹس نے ایف آئی اے کے جواب کو مبہم قرار دیتے ہوئے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایف آئی اے چاہے تو یہ کیس آدھے گھنٹے میں حل ہوسکتا ہے مگر یہ جان بوجھ کر معاملات لٹکاتے ہیں جس وجہ سے مدعی خود ہی کیس واپس لے لیتے ہیں۔ جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ اگلی سماعت پر پوری توجہ سے آئیں، ہنسی مذاق نہیں چلے گا، باہر کے ممالک میں کوئی میری طرف دیکھ نہیں سکتا، یہ ہراگی ہے مگر یہاں زندگی برباد کر دی جاتی ہے، کیا ہمارا دین یہ کہتا ہے؟۔ وکیل عظمیٰ بخاری نے کہا کہ 2 خواتین نے ایف آئی اے کو شکایت کرنے کے بعد خودکشی کی کوشش کی جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ آپ کے کارروائی نہ کرنے پر کتنی ہی خودکشیاں ہو رہی ہوں گی۔ بعد ازاں عدالت نے ایف آئی اے کو 5 ستمبر تک مکمل تفصیلی جواب جمع کروانے کا حکم دیتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 15

ریفرنس واپس لینے بارے نیب کی درخواست منظور کرتے ہوئے سابق وائس چانسلر ڈاکٹر مجاہد کامران سمیت دیگر 9 ملزمان کو بری کردیا۔

بقیہ 16

منزل میں بے آسرا، گمشدہ بچوں اور خواتین کو پناہ دی جارہی ہے، تحفظ منزل کے زیرانتظام بے آسرا بچوں وخواتین کو خوراک اور دیگر سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ منزل کے زیر انتظام بچوں کی تعلیم وتربیت کا بھی انتظام کیا جارہا ہے، تحفظ منزل کے پلیٹ فارم پر نشے کے عادی بچوں اور خواتین کے علاج معالجہ کے اقدامات بھی اُٹھائے جارہے ہیں۔ سی پی او نے کہا کہ اب تک 530 بچوں کو تحفظ سینٹر میں خوراک، تعلیم اور دیگر سہولیات فراہم کی گئیں ہیں، 120 سے زائد بے آسرا اور نشے کے عادی بچوں کو علاج معالجہ کی اور رہائش کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، تحفظ منزل کے پلیٹ فارم سے بچوں اور خواتین کی فیملیز کو تلاش کر کے فیملیز سے ملوایا جارہا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق بچوں اور خواتین کا تحفظ اولین ترجیح ہے، جسے ہمہ وقت یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 17

ہوئے اپنی اہلیہ کو بیلچے کے وار سے قتل کرنے والے ملزم ندیم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے اپنی اہلیہ کو بیلچے کے وار سے قتل کیا اور واقعہ کو روڈ ایکسیڈنٹ ظاہر کرنے کی کوشش کی، واقعہ کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی اور ملزم کی گرفتاری کا حکم دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتولہ کے والد کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم ناقابل برداشت ہیں، خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 18

اپنے وزراء کرپشن کی داستانیں بیان کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اقبال اکادمی پاکستان لاہور کے دورے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ ہم پڑوسی نہیں بدل سکتے مگر حالات ٹھیک کر سکتے ہیں، وفاقی حکومت کو خیبرپختونخوا کے حالات پر کل جماعتی کانفرنس بلانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں اس وقت اچھے حالات نہیں، صوبہ دہشت گردی اور انتہا پسندی سے گزر رہا ہے، فوج اور پولیس پر حملے ہو رہے ہیں، صوبائی حکومت کی رٹ ختم ہوچکی ہے، 2013ء میں پرامن صوبہ پی ٹی آئی کے حوالے کیا گیا مگر ان لوگوں نے اے پی سی کے بچوں کے قاتلوں کو واپس بسایا۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی ملک دشمنی کا واقعہ ہے جس پر کمپرومائز نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت کا بس ایک مقصد ہے کہ لوٹ مار کس طرح کرنی ہے، ان کے اپنے وزراء کرپشن کی داستانیں بیان کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے ڈر رہے ہیں۔

بقیہ 19

گھر کی دیوار گرگئی اور آگ بھڑک اٹھی جبکہ حادثے میں 4 بچے جھلس کر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ زخمیوں میں احمد، شعبان، حمزہ سلیم اور احمد طالب شامل ہیں، زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال پتوکی منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 20

مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن صبا ستار نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن صبا ستار نے کہا کہ مارک شدہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 21

کچہری کا انعقاد کیا گیا، سی پی او نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی درخواستوں پر قانونی کارروائی کیلئے موقع پر احکامات جاری کیے، سی پی او نے شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ تفتیشی افسران اور سپروائزی افسران کو ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے تھانہ مورگاہ اور تھانہ صدر بیرونی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، کھلی کچہری میں سینئر پولیس افسران سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، سی پی او نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی درخواستوں پر قانونی کارروائی کیلئے موقع پر احکامات جاری کیے، سی پی او نے شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ تفتیشی افسران اور سپروائزی افسران کو ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد آپ کی دہلیز پر آپ کے مسائل سننا اور ان کا حل یقینی بنانا ہے، شہریوں کو انصاف اور سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جارہا ہے، تھانے کی سطح پر شہریوں کے مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے، سروس ڈیلیوری میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، سروس ڈیلیوری، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 22

ادا کرے گا۔ عراق کے سفیر نے اس اجلاس کو دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید بہتر بنانے کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا۔ اجلاس کے دوران خاص طور پر پٹرولیم کے شعبے میں ممکنہ تعاون، عراقی مارکیٹ میں پاکستانی سرمایہ کاری، اور پاکستانی زائرین کے لیے ویزا اور دیگر سہولیات پر بات چیت ہوئی۔ غیر قانونی تارکین وطن کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے بھی دونوں ممالک نے مشترکہ کوششوں پر اتفاق کیا۔ اجلاس کا اختتام دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی تعلقات اور تجارتی رابطوں کو مزید فروغ دینے اور مستقبل میں تعاون کو بڑھانے کے عزم کے ساتھ ہوا۔

بقیہ 23

واہ کینٹ پولیس نے ملزم غلام عباس سے 01 کلو 240 گرام ہیروئن برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ملزم ریاض سے 01 کلو 350 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم بہادر سے 01 کلو 300 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ملزم نعیم الدین سے 01 کلو 650 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم نیئر عباس سے 700 گرام چرس برآمد کرکی، ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ 24

کی عدالت میں 12 سالہ بچی کے گینگ ریپ اور قتل کے مقدمے کی سماعت ہوئی، گرفتار ملزم وقار کو عدالت میں پیش کیا گیا، تفتیشی افسر نے بتایا کہ ملزم کو گزشتہ روز کینٹ سٹیشن کے قریب بس ٹرمینل سے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گرفتار کیا گیا ہے، ملزم کا ڈی این اے کرنا، مزید تفتیش اور دیگر ساتھیوں کو گرفتار کرنا ہے جبکہ وکیل صفائی نے موقف اپنایا کہ ملزم کیخلاف کوئی شواہد نہیں ہیں، ملزم پر تشدد کیا گیا ہے۔ بعدازاں عدالت نے ملزم کو 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 25

ہوئے جانوروں کی خرید وفروخت کے بہانے بلا کر شہری سے رقم چھیننے والے 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں تیمور اور قیصر شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 01 لاکھ 30 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان نے شہری کو جانور خرید و فروخت کے بہانے بلایا اور راستے میں اسلحہ کے زور پر رقم چھین کر فرار ہوگئے تھے، ملزمان سے مسروقہ رقم کی برآمدگی شناخت پریڈ کے بعد کی گئی، ملزمان کے دیگر ساتھی کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 26

منظوری کیلئے دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ دانش اقبال کے وکیل نے مؤقف اپنایا کہ دانش اقبال کی گرفتاری کا خدشہ ہے لہٰذا حفاظتی ضمانت منظور کی جائے، اس سارے واقعے سے درخواست گزار کا کوئی تعلق نہیں جبکہ دانش اقبال کی اہلیہ نتاشہ جیل میں ہیں۔ بعدازاں عدالت نے درخواست گزار کی 7 دن کیلئے حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے 50 ہزار کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 27

سروس ایریا کلر کہار کے قریب بارش کے دوران پھسلن کے باعث گاڑی کو حادثہ پیش آگیا جس کے نتیجے میں سیشن جج اہلیہ سمیت زخمی ہوگئے جنہیں ریسکیو حکام نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ٹراما سنٹر کلر کہار منتقل کردیا ہے۔

بقیہ 29

، سیب گاجا دوئم 200، آم 300 روپے کلو وال ماش 660 روپے کلو، لال لوبیا 650، روپے کلو دھڑلے سے فروخت ہور ہا ہے اس تمام تر صورتحال پر شہریوں نے انتظامیہ کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ گوجرخان میں افسر شاہی کا راج ہے افسران بالا ٹھنڈے دفتروں سے باہر نکلنا گوارا نہیں کرتے رہتی کسر پرائس مجسٹریٹس نے بھی نکالی ہوئی ہے جبکہ ضلعی انتظامیہ کمشنر یا ڈی سی راولپنڈی نے تو گوجرخان کے مسائل سے مکمل چشم پوشی اختیار کی ہوئی ہمیں یہاں دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے سوشل وپرنٹ میڈیا پر آئے روز گراں فروشی اور دیگر مسائل ہائی لائٹ ہورہے ہوتے ہیں مگر اس کے باوجود ضلعی انتظامیہ کی عدم دلچسپی سمجھ سے بالاتر ہے ہم لوگ فاقہ کشی پر مجبور ہیں دو وقت کی روٹی پوری کرنا مشکل ہو چکا ہے ہمیں ریلیف فراہم کروانا مقامی انتظامیہ کا کام ہے جس میں وہ مکمل ناکام ہے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے درخواست کی جاتی ہے کہ یہاں فرض شناس افسران کو تعینات کرکے ہمیں ریلیف فراہم کروایا جائے

بقیہ 30

اور ریلوے روڈ پر بنے غیر قانونی اڈے رکشہ جات کے خلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے مجموعی طور پر 50 سے زیادہ رکشوں کو تھانہ اور چوکی میں بند کر کے بھاری جرمانے کیئے اس کے علاوہ پبلک سروس گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ چیک کرتے ان کے خلاف کاروائی اور اڈہ جات پر جا کر ڈرائیوروں کو کواف جمع کیے اور گاڑیوں کی فٹنس کے بارے میں آگاہ کیا گیا انسپکٹر شاہد عمران کا کہنا تھا کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے لیے آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 31

مطابق ملزمان نے گھر کے سامنے کھڑے ہونے سے منع کرنے پر چھریوں کے وار سے علی احمد کو قتل کر دیا تھا۔ واقعے کی اطلاع پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی پوٹھوہار اور نصیر آباد پولیس کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا تھا۔ ایس پی پوٹھوہار کے مطابق ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے تمام قانونی تقاضے پورے کیئے جائیںگے۔

بقیہ 32

اہلکار زخموں کی تاب نہ لا کر شہید ہوگیا۔ دوسری جانب پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا ہے۔

بقیہ 33

دیکھا جاسکتا ہے کہ اس بزرگ بوڑھے کے اوپر تشدد کیا جا رہا ہے ورثا بہت غم زدہ ہیں کہ ہم بہت غریب آدمی ہیں یہ ایک ہی کمانے والا واحد ذریعہ تھا ٹیکسی ڈرائیور تھا کرائے پے گاڑی چلاتا تھا جس کی وجہ سے ہمارے گھر کا چھولا جلتا تھا اب کس کے پاس جائیں کوئی مسیحا انسان ہو جو ہماری مدد کرے ورثاء نے وزیراعلیٰ سندھ آئی جی سندھ اور ایس ایس پی کشمور کو اپیل کرتے ہیں کہ ہمارے بابا جی کو بازیاب کروائیں

بقیہ 34

وقوعہ کی جانب روانہ زخمی پولیس اہلکاروں میں دو سے ایک کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث لاڑکانہ ریفر کردیا گیا

بقیہ 35

ریسکیو حکام نے فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پتوکی منتقل کردیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں میں احمد، شعبان، حمزہ سلیم اور احمد طالب شامل ہیں۔

بقیہ 36

سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل محمد اکرم کی بازیابی بارے دائر درخواست پر سماعت کی۔ مغوی کی اہلیہ میمونہ ریاض، ایڈووکیٹ ایمان مزاری اور پولیس کے سینئر افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے سی پی او راولپنڈی سے استفسار کیا کہ محمد اکرم کی بازیابی سے متعلق کوئی سراغ ملا؟ سی پی او نے بتایا کہ بازیابی کیلئے کام کر رہے ہیں۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت کو بتایا کہ صبح 25 افراد مختلف اداروں کے یونیفارم میں گھر میں داخل ہوئے، اہلکاروں نے اڈیالہ جیل کے اندر سرکاری رہائشگاہ کی تلاشی لی، اس پر عدالت نے کہا کہ یہ جو الزام لگا رہی ہیں کافی سنگین ہے۔ عدالت نے سی پی او راولپنڈی کو حکم دیا کہ محمد اکرم کی فیملی کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے، اس معاملے کی مکمل تحقیقات بھی کی جائیں، ہر کسی کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، سب اللہ تعالیٰ کو جواب دہ ہیں، مسنگ ایشو کافی الارمنگ ہو چکا ہے، پتہ چلتا ہے بندہ یہاں مسنگ ہے لیکن افغانستان بیٹھا ہوا ہے۔ سی پی او راولپنڈی نے سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی بازیابی کیلئے 14 روز کی مہلت مانگی، عدالت نے مہلت فراہم کرتے ہوئے سماعت 10 ستمبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 37

عالمی میڈیا نے انہیں ڈس گریس کا لقب دیا ہے، ڈیلی میل کے آرٹیکل میں بانی پی ٹی آئی کے حقائق دنیا کے سامنے رکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں دہشت گردی کی لہر میں تیزی پی ٹی آئی کا دیا ہوا تحفہ ہے، ان کے دور میں حکومت میں طالبان کو ری انٹیگریشن کے نام پر جیلوں سے رہا کرنے کے باعث آج قوم خمیازہ بھگت رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اپنے غیر قانونی کاموں کی وجہ سے قید میں ہیں۔

بقیہ 38

حکام کے مطابق دونوں خواتین کی موت فوڈ پوائزنگ کی وجہ سے ہوئی ہے۔

بقیہ 39

گلگت کی پی آئی اے کی 4 پروازیں پی کے 601، 602، 605، 606 منسوخ کر دی گئی ہیں۔ اسلام آباد کی پی آئی اے کی پرواز پی کے 301 کی روانگی میں سوا گھنٹہ تاخیر، لاہور کیلئے پی آئی اے کی پرواز پی کے 302 میں تین گھنٹے کی تاخیر، لاہور کراچی کی پروازیں پی کے 304 اور 305 کی روانگی میں ڈیڑھ گھنٹہ تاخیر کی گئی۔ اسی طرح لاہور سے دبئی کی پرواز پی کے 335 ایک گھنٹہ تاخیر، لاہور مسقط کی پرواز پی کے 229 چار گھنٹے، لاہور سے بحرین کی پرواز پی کے 189 پونے 5 گھنٹے، لاہور سکردو کی پرواز پی کے 251 تین گھنٹے، جدہ ای آر 801 دو گھنٹے، دبئی پی کے 216 ڈھائی گھنٹے جبکہ ریاض پی کے 274 سوا دو گھنٹے تاخیر سے روانہ ہوئیں۔ لاہور، اسلام آباد، شارجہ، دبئی، کویت، جدہ اور مسقط کی پروازوں کی آمد ورانگی میں بھی ڈیڑھ سے ڈھائی گھنٹے کی تاخیر رپورٹ ہوئی ہے۔ اسلام آباد کوالالپور کی پرواز پی کے 894 تین گھنٹے، اسلام آباد سے دمام کی پرواز پی کے 245 پونے دو گھنٹے، سیالکوٹ دمام کی پرواز پی کے 243 ڈھائی گھنٹے، ملتان سے جدہ کی غیر ملکی ایئر لائن کی پرواز ایس دی 795 کی روانگی میں بھی ڈھائی گھنٹے کی تاخیر ہوئی۔

بقیہ 40

کا طویل بریک ڈاؤن رہا پہاڑی نالے کے پانی نے یونین کونسل گول پور کو اپنی لپیٹ میں لے لیا یونین کونسل ساووال اور گول پور کے گردونواح میں میں تین سے چار فٹ پانی بھر گیا: ساووال واڑہ پھپھرہ سمن وال اور دیگر علاقوں کے زمینی رابطے تین روز سے منقطع ہیں بلدیاتی اداروں کے پاس ریلیف کے لیے مطلوبہ مشینری ہے نہ افرادی قوت ہے عوام نے اوزیراعلی پنجاب سے نوٹس لینے مطالبہ کا کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنڈ دادنخان علاقے کے کو آفت زدہ قرار دے کر ہنگامی طور پر بحالی کے کام شروع کیا جائے۔

بقیہ 41

عدلیہ انکوائری نہیں کرنا چاہتی تو خود انکوائری کمیشن قائم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انکوائری ایکٹ میں انکوائری کرنے والے کو سول جج کے اختیارات حاصل ہیں، ججز سے اس لئے انکوائری کرانا چاہتے تھے کہ عدلیہ پر اعتماد زیادہ ہے۔ دوسری جانب ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا شاہ فیصل اتمان خیل نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کو دوبارہ ہائی کورٹ کو خط لکھنے کا مشورہ دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کو خط لکھ کر تمام تفصیلات سے آگاہ کیا ہے، ہائی کورٹ سے جوڈیشل انکوائری کیلئے ججز مانگے تھے مگر ہمارے خط پر اعتراض لگا کر واپس کر دیا گیا تھا۔

بقیہ 42

کی جاتی ہے لیکن وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کو فیصل آباد میں سکیورٹی نہیں دی گئی، خط میں کہا گیا ہے کہ معاملہ وزیراعلیٰ پنجاب کے نوٹس میں لایا جائے، ایس او پیز کے مطابق علی امین گنڈاپور کو سکیورٹی کیوں نہیں دی گئی، اس بات کی انکوائری کی جائے۔

بقیہ 43

اور وہ گھروں، دفاتر سے کلمہ طیبہ کا ورد کرتے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز افغانستان اور تاجکستان کا سرحدی علاقہ تھا اور زمین کے اندر گہرائی 215 کلومیٹر تھی۔ زلزلے سے اب تک کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

بقیہ 44

انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی انڈر ٹرائل ہیں ایسے میں انہیں جیل میں نہیں رکھا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ آپ ہمارے نظریئے کو ہماری سوچ کو قید نہیں کر سکتے، میں کسی ایک لمحے بھی نہیں گھبرائی، اب ایک ہی مقصد ہے کہ کس طرح اس ملک کو خوش حال بنا سکتے ہیں، ایسا پاکستان جہاں احتجاج ہڑتالیں نہ ہوں، لوگوں کو ان کا حق ملے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین سے گزارش ہے اب حوصلہ کریں، اب ہم نے اپنے لیڈر کو رہا کروانا ہے، جب بھی تحریک کا آغاز ہوگا خواتین کا ساتھ چاہئے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں این اے 118 کی مقروض ہوں، میرے حلقے کے لوگوں نے مجھے جتوایا، جلد اپنے حلقے میں جاؤں گی اور سب کا شکریہ ادا کروں گی۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں جلسہ ہونیوالا ہے، جب لاہور بدلتا ہے تو پورا پاکستان بدلتا ہے، مینار پاکستان پر جلسے کے وقت یہ لوگ پہلے ہی اپنے گھر میں جا چکے ہوں گے۔

بقیہ 45

پیش ہوئیں۔ وکیل وفاقی حکومت نے عدالت کو بتایا کہ عالیہ حمزہ کے خلاف ایف آئی اے میں سائبر دہشت گردی الزامات کے تحت مقدمہ درج ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ کیا عالیہ حمزہ نے اس مقدمہ میں عبوری ضمانت حاصل کی ہے؟ جس پر وکیل عالیہ حمزہ نے کہا کہ سائبر کرائم مقدمہ کی بابت کوئی اطلاع نہیں تھی۔ بعدازاں عدالت نے عالیہ حمزہ کی سائبر دہشت گردی مقدمے میں 10 روز ہ حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے تحقیقاتی اداروں کو مزید کارروائی کیلئے قانونی دائرہ کار میں رہنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 46

حکومت نے انٹرنیٹ کا بھی ستیاناس کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مینڈیٹ چور حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی، انٹرنیٹ بارے وزراء کے بیانات میں بھی مماثلت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک وزیر کہتا ہے فائر وال لگی ہے، دوسرا کہتا نہیں لگی، ایک وزیر کہتا ہے زیر سمندر کیبل کٹ گئی ہے، دوسرا کچھ اور کہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی کی وزیر نے تو بے وقوفی کی انتہاء کی ہے، محترمہ کہتی ہیں کہ وی پی این سے نیٹ سست ہوا۔ انہوں نے کہا کہ نیٹ ٹھیک ہوتو کسی کا دماغ خراب ہے کہ وی پی این لگائے، ان سے ایسے ہی بیانات کی توقع کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 47

پاکستان کو شامل نہیں کیا گیا، آج ریاست، معیشت اور سیاست شدید بحران کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات شدید پریشان کن اور حساس ہیں، ہمیں پاکستان کا سوچنا ہوگا پاکستان ہے تو ہم ہیں، یہ ملک ہی ہمارا جینا مرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری دوستی ایک ہی آدمی سے تھی ہے اور رہے گی عوام کے ساتھ جو بیت رہی ہے وہ اس سے قبل کبھی نہیں ہوا، تعلیمی ادارے تباہ ہو رہے ہیں، عوام لگائے گئے بھاری ٹیکسز ادا نہیں کر سکتے ان کی قوت خرید ختم ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرائے کی حکومت ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں مکمل ناکام ہوگئی ہے، ذمہ داران سے اپیل کرتا ہوں فوری حل تلاش کریں، 30 ستمبر تک ملکی سیاست کا اونٹ کسی بھی سائیڈ بیٹھ جائے گا۔

بقیہ 48

ہے، 2 ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا، آپ نے آفیسرز کالونی میں سرکاری گھر خالی نہیں کیا ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ سرکاری رہائشگاہ کو اپنے قبضے میں رکھ کر قواعد کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، جیل کے دیگر افسران رہائش نہ ہونے کی وجہ سے اضطراب کا شکار ہیں، 2 روز میں مکان خالی کیا جائے ورنہ رہائشگاہ کا پانی، بجلی منقطع کردی جائے گی۔ دوسری جانب مغوی کی اہلیہ کی وکیل ایمان مزاری نے ایکس پر جاری بیان میں کہا ہے کہ اس سے زیادہ گری حرکت کیا ہوسکتی ہے؟۔ لاپتا محمد اکرم کے گھر پر نوٹس چپکا دیا گیا ہے کہ ان کی چار ماہ کی حاملہ بیوی اور تین بچے 2 دن میں گھر خالی کریں، پہلے بیوی بچوں کے سامنے انہیں لاپتہ کیا گیا، پھر ریڈ اور آج یہ۔

بقیہ 49

پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) اور نیٹ ورک فار کلین انرجی ٹرانزیشن (این سی ای ٹی) نے کیا۔ تقریب میں کے۔الیکٹرک کی کیس اسٹڈی کو ایک مثالی ماڈل کے طور پر پیش کیا گیا جو کہ نجکاری کے عمل سے متعلق رپورٹ کی بھی رونمائی کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اپنے استقبالیہ کلمات میں ایس ڈی پی آئی کے ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر قاسم شاہ نے کہا کہ اس سیشن کا مقصد بجلی کے شعبے میں کے۔الیکٹرک کے تجربات سے سیکھنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بجلی کے شعبے میں بڑھتی ہوئی ٹیکس شرح سے بے چینی اور احتجاج جیسے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس ڈی پی آئی کا مقصد حکومت کو کلیدی پالیسی امور اور سماجی مسائل پر مشاورت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بجلی کے بحران کا بنیادی سبب ناقص بنیادی ڈھانچہ، ترسیلی خامیاں، اور پرانی حکمت عملیاں ہیں۔ ایس ڈی پی آئی کے ریسرچ فیلو، ڈاکٹر خالد ولید نے اپنی پریزنٹیشن میں رپورٹ کا تجزیہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں اقتصادی بدحالی، توانائی کا بحران اور موسمیاتی تبدیلی کے مسائل ایک ساتھ مل کر مسائل کو بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے شعبے میں بنیادی ڈھانچے، ترسیل اور پیداواری نظام میں خامیاں پائی جاتی ہیں، اور نجکاری کو ان خامیوں کو کم کرنے کا حل تصور کیا جارہا ہے۔ انہوں نے چلی اور برطانیہ جیسے عالمی سطح پر بجلی کے شعبے کی نجکاری کے بہترین مثالوں کا حوالہ دیا جن سے مثبت نتائج حاصل ہوئے۔ کے۔الیکٹرک کے سی ای او سید مونیس عبداللہ علوی نے اپنے کلیدی خطاب میں کہا کہ بجلی کی پیداواری لاگت میں کمی لانے کی کوشش کی جارہی ہے اور امپورٹڈ کوئلے سے چلنے والے بجلی کے پلانٹس کو مقامی کوئلے پر منتقل کیا جارہا ہے۔ نیپرا کی سابق مشیر امینہ سہیل نے کہا کہ 18ویں ترمیم کے بعد حکومت نے قانونی فریم ورک میں نمایاں تبدیلیاں کی ہیں تاکہ بجلی کے شعبے کو سپلائر کمپنیوں سے الگ کیا جاسکے۔ توانائی کے ماہر اسد محمود نے کہا کہ ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے مستقبل کا دارومدار ان کی مسابقتی اور ریگولیٹری مارکیٹ میں خود کو ڈھالنے کی صلاحیت پر ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پی پی آئی بی، عامر عادل نے کہا کہ مارکیٹ کی مسابقت کے دوران بجلی کی قیمتیں کم ہو جاتی ہیں اس سلسلے میں تیسری پارٹی کو بھی خریداری کی اجازت دینے پر غور کیا جارہا ہے۔ ماہر توانائی سلینا عرفان نے کہا کہ حکومت کے پاس فنڈز کی کمی کی وجہ سے آف گرڈ حل اپنانے کی ضرورت ہے

بقیہ 50

پنجاب کی جانب سے بقیہ رقم ادا کردی گئی کی تحریر بھی بلوں پر درج کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق بل ڈسٹری بیوٹرز بلوں کے ساتھ پنجاب حکومت کی جانب سے جاری پمفلٹ بھی تقسیم کر رہے ہیں، تمام افسران کو صارف کو بل کے ساتھ پمفلٹ دے کر تصویر بھی لینے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 51

گیا جس میں دولمی کیئر فاؤنڈیشن رجسٹرڈ دوالمیال کے روح رواں وائس ایڈمرل ریٹائرڈ عبدلعلیم، سابق امیدوار چیئرمین یوسی دوالمیال ملک مظہر اقبال بنگلہ دوالمیال سمیت دیگر معززین دیہہ نے شرکت کی، اس موقع پر وائس ایڈمرل ریٹائرڈ عبدالعلیم اور ملک ذاہد احمد نے تقریب سے خطاب بھی کیا وائس ایڈمرل ریٹائرڈ عبد العلیم نے کہا کہ دولمی کیئر فاؤنڈیشن وفاق میں رجسٹرڈ ادارہ ہے اس فاؤنڈیشن کا نام بابا دولمی، جو شہاب الدین غوری کے ایک فوجی سالار تھے، کے نام سے منسوب کر کے رکھا گیا، اس فاؤنڈیشن کے تحت ہیلتھ، ایجوکیشن، ٹیکنیکل سکلز، ماحولیات اور دیگر کمیونٹی ویلفیئر کے منصوبوں پر کام کی پیشرفت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مومن کا سب سے بڑا ہتھیار دعا ہے تین کام نیت، دعا اور کوشش مومن کے ذمے ہوتی ہیں اور نتائج اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ دوالمیال میں زیر تربیت بچیوں کے تیار شدہ جوڑے فروخت کرنے کے کام کو مزید فروغ دیا جائیگا جس سے لوگ ادارے سے ہی کپڑے خرید سکیں گے، انہوں نے فتح دولمی میڈیکل کیئر سنٹر کے احاطے میں پودا بھی لگایا، اس موقع پر ملک مظہر حسین بنگلہ دوالمیال نے واٹر پراجیکٹ کی تفصیل پیش کی جسے وائس ایڈمرل ریٹائرڈ عبدالعلیم نے تسلی بخش قرار دیتے ہوئے ملک مظہر حسین بنگلہ دوالمیال کے کام کو سراہا ملک ذاہد احمد نے اپنے خطاب میں اپنی علاقے سے محبت کا، ذکر کیا، اور کہا کہ یہی لگاؤ انہیں ہر سال امریکہ سے یہاں لے آتا ہے انہوں نے اس بات پر خوشی اور عزم کا، اظہار کیا کہ وہ دولمی کیئر فاؤنڈیشن کے پلیٹ فارم سے فلاحی کاموں میں مالی معاونت اور ٹیکنیکل رہنمائی فراہم کر سکیں گے تقریب کے اختتام پر وائس ایڈمرل عبدالعلیم نے ملک ذاہد احمد کو اعزازی شیلڈ بھی پیش کی اور دولمی کیئر فاؤنڈیشن کے لیئے ان کی اعانت کا، شکریہ ادا کیا

بقیہ 52

صورت حال، ریڈ زون میں کرشنگ کی شکایات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت کے مطابق ریڈ زون اور ممنوعہ علاقوں میں چلنے والے پلانٹس کو فوری طور پر بند کروایا جائے اس حوالے سے جاری کردہ مقررہ مدت سے آگے بالکل اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 53

سے رہنما مسلم لیگ ن راجہ سعد احمد کھوکھلہ اور رہنما مسلم لیگ ن راجہ راشد اقبال کے مابین گزشتہ روز ہونے والے کاروباری جھگڑے کی صلح طے پا گئی، اس سلسلے میں ڈی ایس پی ریٹائرڈ چوہدری افتخار، چیرمین۔ چوہدری بشیر گجر منہالہ، چوہدری اسحاق کے ہمراہ رہنمان لیگ راجہ سعد احمد کھوکھلہ کی رہائش گاہ پہنچے جہاں انہوں نے راجہ سعد احمد کھوکھلہ سے ملاقات کر کے تمام کاروباری معاملات تھانہ کچہری کی بجائے مل بیٹھ کر حل کرنے پر زور دیا اور انہیں یقین دہانی کروائی کہ وہ دونوں فریقین کے درمیان تمام کاروباری معاملات خوش اسلوبی سے طے کروانے میں اپنا پورا کردار ادا کرینگے جس پر راجہ سعد احمد کھوکھلہ نے انکی باتوں سے اتفاق کرتے ہوئے تمام معاملات مذاکرات سے حل کرنے کی حامی بھرلی،

بقیہ 54

کاری کیلئے مراعات اور پروٹیکشن ملے گی، ٹیکنالوجی زونز میں سرمایہ کاری کرنے والے اوورسیز پاکستانیوں کو بلیو پاسپورٹ جاری کیے جائیں گے۔ خلیجی ممالک سمیت یورپ سے ترسیلات زر کا ٹارگٹ بڑھانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں، ترسیلات زر میں ہر سال 10 فیصد سے زائد اضافہ کیا جائے گا، سعودیہ، دبئی، قطر، انگلینڈ، نیویارک اور دیگر ممالک میں 26 کمیونٹی ویلفیئر اتاشی تعینات ہوں گے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق 6 اتاشی سعودیہ، 2 دبئی، 2 قطر اور باقی یورپین ممالک سمیت دیگر ممالک میں تعینات کیے جائیں گے، یورپی یونین تعاون سے سکلڈ لیبر بڑھانے کیلئے تکنیکی پروگرامز اور ٹریننگ شروع کرائی جائے گی۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ تکنیکی پروگرامز اور ٹریننگ کیلئے ملک میں 50 سے زائد نئے سکلڈ سنٹر بنائے جا رہے ہیں، کمیونٹی ویلفیئر اتاشی روزگار کے مواقع، نئے بزنسز، نئی مارکیٹس اور نئے منزلیں تلاش کریں گے۔

بقیہ 55

ایس ایچ او تھانہ مندرہ نے بتایا کہ ملزمان نے شہری کو جانور دینے کے بہانے بلایا اور راستے میں اسلحہ کے زور پر رقم چھین کر فرار ہو گئے تھے، ملزمان سے مسروقہ رقم کی برآمدگی شناخت پریڈ کے بعد کی گئی، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے، گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے انکو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں

بقیہ 56

صاحب، ڈویژنل فوکل پرسن مس ثوبیہ، سلطانہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سپورٹس مس سادیہ اختر نے رنگا رنگ تقریب کو کامیاب طریقے سے ممکن بنایا. اس افتتاحی تقریب میں صوبائی ممبر ملک منصور احمد نے کھلاڑی طلباء وطالبات جو پورے پنجاب بھر سے تشریف لائے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی اور کھیل اور کھلاڑی کی پرموشن کے حوالے سے نیک عزائم اور وزیر اعلی کے اس ویژن کو سراہا اور اس کو کامیاب کرانے کے لیے ہر ممکنہ کوشش کی جائے گی۔ ڈائریکٹر شیر احمد ستی کالجز نے ائے ہوئے پنجاب سے تمام کھلاڑی طلباء وطالبات، مینجرز، فوکل پرسنز اور ضلع راولپنڈی کے پرنسپلز اور ائے ہوئے تمام آفیشلز ڈویژنل سپورٹس افیسر پنڈی اور تمام کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور اپنی مہمان نوازی کا بتایا اور بہترین سہولیات، تین کالجز میں رہائش جس میں طالبات کی رہائش گورنمنٹ گریجویٹ وقار النساء کالج راولپنڈی اور طلباء کی رہائش گورنمنٹ گریجویٹ سیٹلائیٹ ٹاون راولپنڈی اور گورنمنٹ گورڈن گریجویٹ کالج راولپنڈی میں فراہم کی گئی۔ گورنمنٹ گریجویٹ وقار النساء کالج راولپنڈی میں آسٹرو ٹوف ہاکی کمپیٹیشنز منعقد کروائے جا رہے ہیں اور ٹیبل ٹینس لیاقت باغ سپورٹس جمنیزیم میں منعقد کرائی جا رہی ہے۔ ڈائریکٹ اف پبلک انسٹرکشنز کالجز پنجاب کے متحرک افسران جس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سپورٹس مس نازیہ نظیر اسسٹنٹ ڈائریکٹر سپورٹس مسٹر اویس اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سپورٹس مسٹر ذیشان بٹ نے خصوصی ڈی پی ائی کی ہدایت پر شرکت کی اور ٹیکنیکل گراونڈز پہ راولپنڈی ڈائریکٹر اف ایجوکیشن کی معاونت کر رہے ہیں .

بقیہ 57

گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا کباڑا کر دیا گیا ہے، آئی ایم ایف کے قرضے میں دشواری ہو رہی ہے، 8 ستمبر کا جلسہ ضرور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا ووٹ بینک کہیں نہیں جا رہا، کارکنوں میں غصہ اس لئے تھا کہ وہ سمجھے دیگر رہنماؤں نے جلسہ ملتوی کیا۔ انہوں نے کہا کہ سب سے بڑی حکمت عملی ورکرز کو چارج رکھنا ہے اور یہ پی ٹی آئی کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کو عہدہ دے کر ٹاسک دیا گیا ہے، ایسے وقت جب بانی قید میں اور تحریک بھی چلانی ہے، وہ ٹھیک کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مراد سعید کے بارے میں علم نہیں، روپوش لیڈروں کے سامنے آنے بارے کچھ نہیں کہہ سکتا۔

بقیہ 58

جو ذمہ دار افسران ہیں وہی ٹیلی کام صارفین کے ڈیٹا کی چوری میں ملوث پائے گئے ہیں۔

بقیہ 59

روپے دے چکا ہے اور اسے مجموعی طور پر 28 لاکھ روپے ادا کرنا تھے۔ رقم کیش اور مائیکروفنانس اکاؤنٹس کے ذریعے بھیجی گئی۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم سے کمبوڈیا کا ویزہ بھی برآمد ہوا ہے۔ ملزم کے موبائل سے 47 سے زائد قبرص کے ویزے برآمد ہوئے۔ مذکورہ ویزے پاکستانی اور بنگلہ دیشی شہریوں کے نام پر تھے۔ ملزم علیان ویزوں کے حوالے سے امیگریشن حکام کو مطمئن نہ کرسکا۔ ملزم کو مزید کارروائی کے لیے اے ایچ ٹی سی کراچی منتقل کردیا گیا ہے۔

سرکاری نرخ نامہ مذاق بن گیا، گراں فروشوں کی موجیں

اشیاء خوردونوش متوسط طبقے کی دسترس سے باہر مارکیٹ کمیٹی سرکاری خزانے پر بوجھ اور انتظامیہ کی کارکردگی سوالیہ نشان بن گئی

پھل سبزیاں دالیں دیہاڑی دار مزدور کی پہنچ سے دور CM پنجاب کے ریلیف سے شہری محروم ضلعی انتظامیہ کی بھی مسائل سے چشم پوشی

گوجرخان (قمر شہزاد) سی ایم پنجاب کے ریلیف کے اشیاء خوردونوش پر ریلیف فراہمی کے ثمرات عوام تک نہ پہنچ سکے خودساختہ مہنگائی کا جن بے قابو سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد ناگزیر ہوگیا مناسب چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے سبزی منڈی میں پھل سبزیاں غریب کی دسترس سے باہر بینگن 160، آلو 120، ٹماٹر 160، بند گوبھی 180، کدو 120 سے 140 مٹر 560 روپے کلو، لیموں 200، سبز مرچ 100 ادرک 200 لیموں 300 روپے پاو، سبز دھنیا اور پودینہ 150 روپے گڈی، کیلا دوئم 150 سے 200 روپے درجن (بقیہ نمبر 29)

سی ٹی او راولپنڈی کی ہدایات پر ٹریفک پولیس گوجرخان کی کاروائیاں

غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز اور گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ کاروائیوں کا ٹارگٹ

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان میں سٹی ٹریفک پولیس کی کاروایاں، غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز اور گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ کاروائیوں کا ٹارگٹ، درجنوں رکشوں کو چالان اور چوکی بند کیا گیا، تفصیلات کے مطابق گوجرخان میں سی ٹی او راولپنڈی بینش فاطمہ کی ہدایات پر سٹی ٹریفک پولیس کے انسپکٹرز شاہد عمران اور وسیم رزاق نے مین بازار لنڈن سویٹ (بقیہ نمبر 30)


Immigration, Refugees and Citizenship Canada
Immigration, Ré et Citoyenneté
FALETTI'S HOTEL

صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ غیر قانونی تارکین وطن کی روک تھام کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد سے ایک ٹیکسی ڈرائیور کو بھی اغواء کرلیا گیا

کچی کشمور کے ڈاکوؤں نے ہنی ٹیپ پر اغوا کیا اور قیدی بنا لیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ سے) اسلام آباد سے ٹیکسی ڈرائیور کو کشمور کچے کے علاقے سے خاتون کے جال میں پھنسا کر اغوا کرلیا گیا۔ اب ان کی سی ڈی آر نکالی تو پتہ چلا کے اس کو عورتوں کے آواز سے دوستی کے جھانسے میں بلا کر کشمور کے علائقے میں اغواء کرلیا اب اس بوڑھے کو زنجیروں میں جکڑ کر وڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کردی ہے وڈیو میں (بقیہ نمبر 33)

تھانہ بی سیکشن کی حدود میں پولیس مقابلہ شدید فائرنگ کا تبادلہ

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے تین پولیس اہلکار، ہسپتال منتقل کردیا گیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ سے) تھانہ بی سیکشن کی حدود میں پولیس مقابلہ شدید فائرنگ کا تبادلہ، کندہ کوٹ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے تین پولیس اہلکار سخت زخمی مقابلہ جاری زخمی پولیس اہلکاروں میں محمد شعبان، محمود لاشاری شامل ہیں زخمی پولیس اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال کندھ کوٹ منتقل کردیا گیا ہے واقعے کی اطلاع ملتے ہی بھاری نفری جائے (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، پولیس کی کارروائی، 7 بہنوں کے اکلوتے بھائی کے 3 قاتل گرفتار

راولپنڈی (انٹرنیوز) راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 7 بہنوں کے اکلوتے بھائی کو قتل کرنیوالے تین ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کے علاقے نصیر آباد میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 7 بہنوں کے اکلوتے 23 سالہ بھائی کو قتل کرنے والے تین ملزمان حبیب، حیات اور زبیر کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے (بقیہ نمبر 31)

مینگورہ، بنڑ پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کا حملہ، ایک اہلکار شہید، ایک زخمی

مینگورہ (انٹرنیوز) مینگورہ میں بنڑ پولیس چوکی پر نامعلوم افراد کے حملے میں ایک پولیس اہلکار شہید، ایک زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع سوات کے علاقے مینگورہ میں نامعلوم افراد نے رات گئے 4 بجے بنڑ پولیس چوکی پر حملہ کردیا جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پہنچ گئی اور زخمیوں کو سیدو شریف ہسپتال منتقل کردیا جہاں دوران علاج رحمٰن اللہ نامی (بقیہ نمبر 32)

چتوکی، اے سی کمپریسر پھٹنے سے آتشزدگی، 4 بچے جھلس کر زخمی

چتوکی (انٹرنیوز) چتوکی کے علاقے پرانی منڈی میں ایک گھر میں اے سی کمپریسر پھٹنے سے آتشزدگی کے نتیجے میں 4 بچے جھلس کر زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق چتوکی کے علاقے پرانی منڈی میں ایک گھر میں اے سی کا کمپریسر دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دیوار گر گئی اور آگ بھڑک اٹھی حادثے میں 4 بچے جھلس کر زخمی ہوگئے جنہیں (بقیہ نمبر 35)

SIGNING CEREMONY
PUBLIC SCHOOLS REORGANIZATION PROGRAM
(PSRP PHASE-I)

وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات پبلک سکول ری آرگنائزیشن پروگرام کی مفاہمتی یادداشت کی تقریب میں شریک ہیں

سب اللہ تعالیٰ کو جواب دہ ہیں

مسنگ ایشو کافی الارمنگ ہو چکا ہے، لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ

لاہور ہائیکورٹ، سی پی او راولپنڈی کو سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی بازیابی کیلئے مہلت فراہم، سماعت 10 ستمبر تک ملتوی

مسنگ ایشو الارمنگ ہو چکا، پتا چلتا ہے بندہ یہاں مسنگ ہے مگر افغانستان بیٹھا ہوا ہے، جسٹس مرزا وقاص رؤف کے ریمارکس

لاہور (انٹرنیوز) لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے سی پی او راولپنڈی کو سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی بازیابی کیلئے مہلت فراہم کرتے ہوئے سماعت 10 ستمبر تک ملتوی کردی جبکہ ریمارکس دیئے ہیں کہ مسنگ ایشو الارمنگ ہو چکا، پتا چلتا ہے بندہ یہاں مسنگ ہے لیکن افغانستان بیٹھا ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ میں جسٹس مرزا وقاص رؤف نے (بقیہ نمبر 36)

بانی پی ٹی آئی اپنے غیر قانونی کاموں کی وجہ سے قید ہیں، بیرسٹر عقیل

حقیقت عیاں ہوچکی، عالمی میڈیا نے ان بارے حقائق دنیا کے سامنے رکھے ہیں

اسلام آباد (انٹرنیوز) مشیر وزیراعظم بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اپنے غیر قانونی کاموں کی وجہ سے قید ہیں، ان کی حقیقت عیاں ہوچکی، عالمی میڈیا نے ان بارے حقائق دنیا کے سامنے رکھے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی حقیقت دنیا کے سامنے عیاں ہو چکی ہے، انہوں نے آئین کی خلاف ورزی کی، (بقیہ نمبر 37)

9 مئی واقعات، خیبر پختونخوا حکومت کا انکوائری کمیشن کے قیام کا فیصلہ

عدلیہ انکوائری نہیں کرنا چاہتی تو خود انکوائری کمیشن قائم کریں گے، وزیر قانون آفتاب عالم

پشاور (انٹرنیوز) خیبر پختونخوا حکومت نے 9 مئی واقعات کی تحقیقات کیلئے انکوائری کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر قانون خیبر پختونخوا آفتاب عالم نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت نے 9 مئی واقعات کی تحقیقات کیلئے انکوائری کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، فیصلے کی حتمی منظوری وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور سے لی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ انکوائری ججز سے کرانے کے پابند نہیں، (بقیہ نمبر 41)

بارشوں نے تحصیل پنڈدادنخان اور گردونواح میں تباہی مچادی

پنڈ دادنخان کے علاقے کو آفت زدہ قرار دیا جائے، عوامی مطالبہ

پنڈدادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کیمطابق پنڈدادنخان اور گردونواح میں تین روز مسلسل جاری رہنے والی بارش نے ہر طرف تباہی مچادی۔ پانی ہی پانی جمع ہوگیا مضافاتی یونین کونسل دریالہ جالب میں 17 سالہ طالبہ برساتی پانی کے نالے میں ڈوب کر جان بحق ہوگئی کھیوڑہ اور سمن وال میں مکانوں کی چھتیں گر گئیں کے علاقوں میں بجلی (بقیہ نمبر 40)

زہریلا ملک شیک پینے سے 2 خواتین ہلاک، ایک کی حالت تشویشناک

چنیوٹ (انٹرنیوز) چنیوٹ میں زہریلا ملک شیک پینے سے 2 خواتین جاں بحق ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کے علاقے اڈا شیخن میں 30 سالہ خاتون نے گھر میں ملک شیک بنا کر خود اور 2 دوسری خواتین کو پلایا جس کے نتیجے میں تینوں کی حالت غیر ہوگئی جس پر انہیں فیصل آباد الائیڈ ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں دو خواتین جاں بحق ہوگئیں جبکہ ایک کی حالت تشویشناک ہے۔ ہسپتال (بقیہ نمبر 38)

شدید بارشیں، خراب موسم، پی آئی اے کی 8 پروازیں

اسلام آباد (انٹرنیوز) شدید بارشوں اور خراب موسم کے باعث پی آئی اے کی 8 پروازیں منسوخ جبکہ 35 تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں جاری بارشوں اور خراب موسم کے باعث پی آئی اے نے جمعرات کو اپنی 8 پروازیں منسوخ کردیں جبکہ 35 تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی اسلام آباد کی پی آئی اے پروازیں پی کے 301، 368، کراچی اسکردو کی پی آئی اے کی پروازیں 455، 456، اسلام آباد (بقیہ نمبر 39)

فوری ضرورت
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

BUILDING PARTNERSHIPS

وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین آسٹریا کی توانائی کے سینئر ایڈوائزر کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

فیصل آباد میں علی امین کو سکیورٹی کی عدم فراہمی

خیبر پختونخوا حکومت نے پنجاب حکومت کو خط لکھ دیا

پشاور (انٹرنیوز) خیبر پختونخوا حکومت نے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کو پنجاب میں سکیورٹی نہ ملنے پر پنجاب حکومت کو خط ارسال کردیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے پرنسپل سیکرٹری نے پنجاب آمد پر علی امین گنڈاپور کو سکیورٹی نہ ملنے پر پنجاب حکومت کو خط ارسال کردیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ ملک بھر میں وی وی آئی پیز کو سکیورٹی فراہم (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں 5.4 شدت کا زلزلہ

عوام خوف وہراس کا شکار، کلمہ طیبہ کا ورد کرتے گھروں، دفاتر سے باہر نکل آئے

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں 5.4 شدت زلزلے کے جھٹکے محسوس کیئے گئے جس سے عوام خوف وہراس کا شکار ہو کر کلمہ طیبہ کا ورد کرتے گھروں، دفاتر سے باہر نکل آئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، مردان، مالا کنڈ، ہری پور، سوات، مانسہرہ ودیگر شہروں میں جمعرات کی صبح 10 بج کر 56 منٹ پر 5.4 شدت زلزلے کے جھٹکے محسوس کیئے گئے جس کے باعث عوام میں خوف وہراس پھیل گیا (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی، موسلادھار بارش کے بعد امام بارگاہ روڈ پر بارش کا پانی جمع ہے

ہمارے نظریئے، سوچ کو قید نہیں کیا جاسکتا، عالیہ حمزہ

بانی پی ٹی آئی سے سلوک قابل مذمت، انڈر ٹرائل ہوتے جیل میں نہیں رکھا جاسکتا

خواتین حوصلہ کریں اپنے لیڈر کو رہا کروانا ہے، رہنماء پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (انٹرنیوز) رہنماء پی ٹی آئی عالیہ حمزہ نے کہا ہے کہ ہمارے نظریئے، سوچ کو قید نہیں کیا جاسکتا، ایک لمحے کیلئے بھی نہیں گھبرائی، بانی پی ٹی آئی سے سلوک قابل مذمت، انڈر ٹرائل ہوتے جیل میں نہیں رکھا جاسکتا، خواتین حوصلہ کریں اپنے لیڈر کو رہا کروانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنماء پی ٹی آئی عالیہ حمزہ نے کہا کہ میری اور میرے لیڈر کی کوشش پاکستان کی فلاح کیلئے ہے، آج کی خواتین مردوں سے زیادہ مضبوط ہیں، 16 ماہ سے گھر سے باہر یا عدالتوں میں رہی ہوں، میرے لیڈر نے سکھایا ہے مشکل سے مشکل حالات میں بھی گھبرانا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح ہمارے لیڈر کے ساتھ سلوک کیا جارہا ہے وہ قابل مذمت ہے، انہیں سہولیات سے محروم کیا جا رہا ہے۔ (بقیہ نمبر 44)

سائبر دہشت گردی مقدمہ، عالیہ حمزہ کی 10 روزہ حفاظتی ضمانت منظور

عدالت کا تحقیقاتی اداروں کو مزید کارروائی کیلئے قانونی دائرہ کار میں رہنے کا حکم

لاہور (انٹرنیوز) لاہور ہائیکورٹ نے رہنماء پی ٹی آئی عالیہ حمزہ کی سائبر دہشت گردی مقدمے میں 10 روزہ حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے تحقیقاتی اداروں کو مزید کارروائی کیلئے قانونی دائرہ کار میں رہنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس علی باقر نجفی نے رہنماء پی ٹی آئی عالیہ حمزہ پر درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی درخواست پر سماعت کی، پی ٹی آئی رہنماء سرجمیل ملک اور وکیل اشتیاق اے خان کے ہمراہ عدالت (بقیہ نمبر 45)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ایک ننھی بچی سے بات چیت کر رہی ہیں

جعلی حکومت نے بغض عمران میں انٹرنیٹ کا ستیاناس کردیا

آئی ٹی شعبے سے وابستہ بزنس کمیونٹی کا اربوں روپے کا نقصان ہورہا، بیرسٹر سیف

پشاور (انٹرنیوز) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ جعلی حکومت نے بغض عمران میں انٹرنیٹ کا ستیاناس کردیا ہے، آئی ٹی شعبے سے وابستہ بزنس کمیونٹی کا اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے، انٹرنیٹ بارے وزراء کے بیانات میں بھی مماثلت نہیں ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایک بیان میں مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا محمد سیف نے کہا کہ آئی ٹی شعبے سے وابستہ بزنس کمیونٹی کا اربوں روپے کا نقصان ہورہا ہے، بغض بانی پی ٹی آئی میں جعلی (بقیہ نمبر 46)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اقبال اکیڈمی کا دورہ کر رہے ہیں

ریاست، معیشت اور سیاست بحران کا شکار ہیں، شیخ رشید

کرائے کی حکومت ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں ناکام ہوگئی ہے

راولپنڈی (انٹرنیوز) سربراہ اے ایم ایل شیخ رشید نے کہا ہے کہ کرائے کی حکومت ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں ناکام ہوگئی ہے، ذمہ داران فوری حل تلاش کریں، عوام کیساتھ جو بیت رہی ہے وہ اس سے قبل کبھی نہیں ہوا، ریاست، معیشت اور سیاست بحران کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایک وڈیو بیان میں سربراہ اے ایم ایل شیخ رشید نے کہا کہ گزشتہ روز تاجروں نے تاریخی ہڑتال کرکے حکومت پر عدم اعتماد کردیا، کوئی ملک اور ادارہ موجودہ حکمرانوں کو پانچ ڈالر دینے کو تیار نہیں، آئی ایم ایف کے 4 ستمبر اجلاس ایجنڈا میں (بقیہ نمبر 47)

2 روز میں سرکاری گھر خالی کیا جائے

لاپتہ سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے گھر کے باہر نوٹس چسپاں

راولپنڈی (انٹرنیوز) لاپتہ سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل محمد اکرم کو سرکاری گھر خالی کرنے کیلئے دو دن کا نوٹس دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے لاپتہ سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل محمد اکرم (اہل خانہ) کو سرکاری گھر خالی کرنے کیلئے نوٹس جاری کردیا۔ رہائش گاہ کے باہر چسپاں نوٹس میں سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ محمد اکرم کو مخاطب کرکے کہا گیا ہے کہ 20 جون کو آپ کا تبادلہ ہوا، 2 ماہ میں مکان خالی کرنا ہوتا (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ناقص حکمت عملی، ترسیلی خامیاں اور فرسودہ ڈھانچہ بجلی بحران کی وجہ ہے، ماہرین

بجلی کے شعبے کی نجکاری کاربن غیر جانبداری، موثر بجلی کی ترسیل کے ڈھانچے اور صارفین کیلئے ترقی کے حصول کا ایک اسٹریٹجک راستہ ہے

اقتصادی بدحالی، توانائی کے بحران اور موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے مسائل میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے، پیداواری لاگت میں کمی کی کوشش کی جارہی ہے

اسلام آباد (یو پی آئی) توانائی کے شعبے کی نجکاری سے متعلق رپورٹ کی رونمائی کے موقع پر ماہرین نے کہا ہے کہ بجلی کے شعبے کی نجکاری کاربن غیر جانبداری، موثر بجلی کی ترسیل کے ڈھانچے اور صارفین کیلئے ترقی کے حصول کا ایک اسٹریٹجک راستہ ہے۔ یہ مشاورتی مباحثہ پاکستان کے بجلی کے شعبے کی نجکاری: مواقع اور حاصل شدہ اسباق کے موضوع پر ہوا جس کا اہتمام پالیسی ادارہ برائے (بقیہ نمبر 49)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کیساتھ گورنمنٹ کنیئرڈ گرلز ہائی سکول کی طالبات کا گروپ فوٹو

والدین کے ایصال ثواب کے لئے واٹر بور اور واٹر کولر نصب

اس سلسلے میں فتح دولمی کیئر میڈیکل سنٹر میں ایک تقریب کا انعقاد بھی کیا گیا

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) علاقہ کہون کے قصبہ دوالمیال میں فتح دولمی کیئر میڈیکل سنٹر میں والدین کے ایصال ثواب کے لئے ملک نوید احمد بنگلہ حال مقیم۔ امریکہ اور ملک ذاہد احمد بنگلہ حال مقیم امریکہ نے واٹر بور اور واٹر کولر کی تنصیب کا کام مکمل کروا کر، اسکا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس سلسلے میں فتح دولمی کیئر میڈیکل سنٹر میں ایک تقریب کا انعقاد بھی (بقیہ نمبر 51)

چوآسیدن شاہ، مسلم لیگ ن کے قائدین میں صلح کروادی گئی

دونوں فریقین کے درمیان کاروباری معاملات خوش اسلوبی سے طے پاگئے

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) "ایم پی اے ملک تنویر اسلم کی خصوصی ہدایت پر مسلم لیگ ن کے رہنما ڈی ایس پی ریٹائرڈ چوہدری افتخار، چیرمین چوہدری بشیر گجر منہالہ، اور چوہدری اسحاق نے لیگی قائدین کی صلح کروادی" چوآسیدن شاہ! ڈی ایس پی ریٹائرڈ چوہدری افتخار، چیرمین۔ چوہدری بشیر گجر منہالہ، چوہدری اسحاق کی خصوصی کاوشوں (بقیہ نمبر 53)

بجلی بلوں میں 14 روپے فی یونٹ ریلیف ملنا شروع

لاہور (یو پی آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر بجلی کے بلوں میں 14 روپے فی یونٹ ریلیف ملنا شروع ہوگیا، لیسکو نے مریم نواز کی ہدایت پر عملدرآمد شروع کر دیا۔ لیسکو کے پہلے 4 بیجز میں صارفین کو 14 روپے فی یونٹ ریلیف دے دیا گیا، پہلے چار بیجز کو بل جاری ہونے کے بعد دوبارہ اپ ڈیٹ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو کی جانب سے ٹیکسز اور بجلی کی قیمت جمع کرنے کے بعد 14 روپے فی یونٹ رقم بلوں سے نکالی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 50)

ممنوعہ علاقوں میں چلنے والے پلانٹس کو فوری طور پر بند کروایا جائے، ڈپٹی کمشنر جہلم

جہلم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے ریڈ زون اور ممنوعہ علاقوں میں چلنے والے پلانٹس کو فوری طور پر بند کروانے کی ہدایت کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی کی زیر صدارت محکمہ ماحولیات کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ ماحولیات، واپڈا، اسسٹنٹ کمشنر جہلم، اسسٹنٹ کمشنر ایچ آر، میونسپل کمیٹی حکام اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں دریائے جہلم پر لگائے گئے کرش پلانٹس کی موجودہ (بقیہ نمبر 52)

وزیراعظم معاشی پلان کے تحت ترسیلات زر 60 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف

خلیجی ممالک سمیت یورپی ممالک میں 26 کمیونٹی ویلفیئر اتاشی کی تعیناتی آئندہ ماہ ہوگی

سول ملٹری فورم ایس آئی ایف سی اوورسیز کیلئے اہم کردار ادا کر رہی ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (یو پی آئی) وزیراعظم معاشی پلان کے تحت ترسیلات زر 60 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق خلیجی ممالک سمیت یورپی ممالک میں 26 کمیونٹی ویلفیئر اتاشی کی تعیناتی آئندہ ماہ ہوگی، 2034 تک ترسیلات 32 ارب ڈالر سے بڑھا کر 60 ارب ڈالر مقرر کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ سول ملٹری فورم ایس آئی ایف سی اوورسیز کیلئے اہم کردار ادا کر رہی ہے، اوورسیز پاکستانیوں کو ٹیکنالوجی زونز میں سرمایہ (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی، موسلادھار بارش کے بعد گوالمنڈی نالہ لئی میں پانی کی سطح بلند ہورہی ہے

شہری سے رقم چھیننے والے 2 ملزمان گرفتار کر لئے گئے

مسروقہ رقم 01 لاکھ 30 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد، تفتیش جاری

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ مندرہ کی کاروائی جانوروں کی خرید وفروخت کے بہانے بلا کر شہری سے رقم چھیننے والے 02 ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم 01 لاکھ 30 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد، گرفتار ملزمان کی شناخت تیمور اور قیصر ناموں سے ہوئی (بقیہ نمبر 55)

لیاقت باغ سپورٹس کمپلیکس میں رنگارنگ تقریب کا آغاز

چیمپئن شپ میں 135 کھلاڑیوں نے اور 40 آفیشلز نے حصہ لیا

گوجرخان (قمر شہزاد) وزیراعلیٰ جشن آزادی سپورٹس فیسٹیول، ملک منصور احمد صوبائی ممبر پنجاب ہمراہ ڈائریکٹر ایجوکیشن کالجز راولپنڈی مسٹر شیر احمد ستی لیاقت باغ سپورٹس کمپلیکس میں رنگارنگ تقریب کا آغاز کیا۔ چیمپئن شپ میں پنجاب بھر سے ہاکی گرلز، ٹیبل ٹینس بوائز وگرلز ٹیبل ٹینس میں 135 کھلاڑیوں نے اور 40 آفیشلز نے حصہ لیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز بطور چیئر پرسن سپورٹس کمیٹی، ڈویژنل فوکل پرسن سپورٹس مسٹر فہمید (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی، موسلادھار بارش کے بعد امام بارگاہ روڈ پر بارش کا پانی جمع ہے

قتل واقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل واقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم زاہد نے ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ رنجش کی بناء پر فائرنگ کر کے قاسم کو قتل اور قمر کو زخمی کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم زاہد کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم زاہد نے ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ رنجش کی بناء پر فائرنگ کر کے قاسم کو قتل اور قمر کو زخمی کر دیا۔

ملک کا کباڑا کردیا گیا، آئی ایم ایف قرضے میں دشواری کا سامنا ہے، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (انٹرنیوز) رہنماء پی ٹی آئی شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ ملک کا کباڑا کردیا گیا، آئی ایم ایف قرضے میں دشواری کا سامنا ہے، 8 ستمبر کا جلسہ ضرور ہوگا، ورکرز کو چارج رکھنا پی ٹی آئی کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رہنماء پی ٹی آئی شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پارٹی کے اندر اختلافات نہیں ہیں، ارکان کے خلاف کارروائی پارٹی ڈسپلن کے تحت کی گئی، عاطف خان کو پارٹی سے نکالا نہیں (بقیہ نمبر 57)

موبائل فون ڈیٹا چوری میں بعض پولیس افسران کے ملوث ہونیکا انکشاف

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے وزارت داخلہ کو بھجوائے گئے مراسلہ میں انہیں ایس او پی تبدیل کرنے کے درخواست کردی

ڈیٹا پروٹیکشن کا قانون ابھی تک منظور نہ ہونے کے حوالے سے صارفین کے ڈیٹا کے تحفظ کے حوالے سے مختلف چیلنجوں کا سامنا ہے

اسلام آباد (یو پی آئی) صارفین کے موبائل فون ڈیٹا کی لیکیج میں مبینہ طور پر بعض پولیس افسران کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے وزارت داخلہ کو بھجوائے گئے مراسلہ میں انہیں ایس او پی تبدیل کرنے کی درخواست کردی، ذرائع کے مطابق پاکستان میں ڈیٹا پروٹیکشن کا قانون ابھی تک منظور نہ ہونے کے حوالے سے پی ٹی اے کو صارفین کے ڈیٹا کے تحفظ کے حوالے سے مختلف چیلنجوں کا سامنا ہے اور اسی دوران یہ انکشاف ہوا ہے کہ قانون نافذ کرنے کے (بقیہ نمبر 58)

مسافر کے موبائل سے 47 سے زائد ویزے برآمد

ملزم کی شناخت علیان زمان کے نام سے ہوئی ہے جو وزٹ ویزے پر ملائیشیا جارہا تھا

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ سے بیرون ملک جانے والے مسافر کے موبائل سے 47 سے زائد ویزے برآمد ہوئے ہیں۔ ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کاروائی کرتے ہوئے بیرون ملک جانے والے مسافر کو گرفتار کرلیا۔ مسافر کے موبائل سے 47 سے زائد ویزے برآمد ہوئے ہیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم کی شناخت علیان زمان کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم علیان وزٹ ویزے پر ملائیشیا جا رہا تھا۔ ملزم نے ایجنٹ کی ملی بھگت سے ملائیشیا سے برطانیہ جانے کی کوشش کرنا تھی۔ ملزم علیان کا تعلق اٹک سے ہے۔ ملزم اٹک کے ہی رہائشی ایجنٹ کو اب تک 4 لاکھ (بقیہ نمبر 59)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035